مجلّہ طلوع اسلام کا اجراء 1938ء میں علامہ اقبالؒ کے ایما اور قائداعظمؒ کی خواہش پر عمل میں آیا-

قرآنی نظام ربوبیت کا پیامبر

طلوع اسلام

ماہنامہ ______ لاہور

خط و کتابت: ناظم ادارہ طلوع اسلام (رجسٹرڈ) 25 بی گلبرگ- 2 لاہور 54660 ٹیلی فون: 876219 فیکس: 92-42-876219

فہرست مشمولات

لمعات (پہلا قدم)	ادارہ	2
احتساب خویش	بانی تحریک	10
استحکام ملت (بیاد اقبالؒ)	علامہ محمد اقبالؒ	13
کیا نیچر کے ماننے سے خدا معطل ہو جاتا ہے	سرسید احمد خان	16
اللہ- انسان اور ارض	ڈاکٹر بشیر الحق	18
حقوق یا فرائض	محترمہ ثریا عندلیبؒ	20
رزق کی تقسیم	مصطفیٰ شان	23
حکمرانوں کی شاہ خرچیاں	ڈاکٹر صلاح الدین اکبر	24
نقد و نظر	ادارہ	26
حقائق و عبر	ادارہ	32
موت کا اک دن معین ہے؟	محمد عمر دراز	36
صورت گری	محمد جیلانی قریشی	39
یہ تبلیغی جماعتیں	مزمل حسین بخاری	43
موت کا اک دن معین ہے؟	ڈاکٹر انجم اقبال فریدی	45
چبھتے سوال	محمد شبیر احمد خان	50
Intrest & Riba	سراجدین احمد	64

انتظامیہ:- چیئرمین: ایاز حسین انصاری -- ناظم: محمد لطیف چوہدری
مدیر مسئول: محمد لطیف چوہدری -- مجلس ادارت: میجر محمد یوسف ڈار- محمد عمر دراز -- ناشر: عطاء الرحمٰن ارائیں
طابع: خالد منصور نسیم -- مطبع: النور پرنٹرز و پبلشرز 3/2 فیصل نگر ملتان روڈ لاہور-
مقام اشاعت: 25-B گلبرگ 2 لاہور- 54660

جلد 48 | شمارہ 11 | نومبر 1995ء

بدل اشتراک

اندرون ملک سالانہ 120 روپے
ایشیا' افریقہ' یورپ 550 روپے
آسٹریلیا' امریکہ' کینیڈا 750 روپے
فی پرچہ =/10 روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

پہلا قدم

نومبر 1984ء کا ذکر ہے۔ علامہ غلام احمد پرویزؒ پاکستان ٹیلی وژن کی فرمائش پر' اپنا انٹرویو ریکارڈ کروانے' ٹیلی وژن سٹیشن تشریف لے گئے۔ انٹرویو سے قبل آپ VIP روم میں تشریف فرما تھے۔ سامنے میک اپ روم تھا۔ ڈاکٹر صلاح الدین اکبر اور راقم بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ لاہور ٹیلی وژن سٹیشن کے جنرل مینجر جناب نثار حسین صاحب نے دورانِ گفتگو سوال کیا کہ پرویزؒ صاحب! اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے جو کچھ شروع میں کہا' آج تک اسی پر قائم ہیں۔ اس لمبے عرصے میں نہ آپ کی سوچ میں تبدیلی آئی نہ آپ کے مسلک میں فرق آیا۔ پرویزؒ صاحب نے برجستہ کہا۔ نثار صاحب میں نے کبھی میک اپ نہیں کیا۔ میں نے حق کو اپنایا اور اسے بے کم وکاست بیان کرتا چلا آرہا ہوں۔

ہو سکتا ہے بعض قارئین پرویزؒ صاحب کی بیان کردہ اس حقیقت سے آگاہ نہ ہوں کیونکہ طلوع اسلام کی بنیاد کی اینٹیں بہت سارے احباب کی نگاہوں سے اوجھل ہو چکی ہیں اور ہم سے اکثر پوچھا جاتا ہے کہ ماہنامہ طلوع اسلام۔ کب' کیسے اور کس مقصد کے لئے جاری ہوا تھا۔ اس قسم کے استفسارات کا خود کوئی جواب دینے کی بجائے ہم ماہنامہ طلوع اسلام کا سب سے پہلا اداریہ جو مئی 1938ء میں شائع ہوا' قارئین کے سامنے لا رہے ہیں تاکہ وہ جان سکیں کہ طلوع اسلام کب' کیسے اور کس مقصد کے لئے معرض وجود میں آیا تھا۔ اس سے قارئینِ کرام اس بات کا بھی اندازہ لگا سکیں گے کہ طلوع اسلام نے جو کچھ پہلے دن کہا تھا وہ آج بھی اسی طرح وقت کی پکار اور دین کا تقاضا ہے۔ جس عظیم مقصد کے لئے یہ پرچہ وجود میں آیا تھا آج بھی اسی مقصد کے لئے وقف ہے۔ زندگی بھر نہ بانیٔ تحریک طلوع اسلام نے اپنا نصب العین بدلا نہ ان کے بعد ان کے شاگردوں میں سے کسی ایک کو ایسا کرنے کی جرأت ہوئی۔

ورق الٹئے! کچھ دیر کے لئے ہم آپ کو 1938ء میں لئے چلتے ہیں۔ مدیر مسئول

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

مئی 1938ء

خاک ماخیزد کہ سازد آسمانے دیگرے
ذرۂ ناچیز و تعمیر بیابانے نگر

ایک کمزور و ناتواں' غریب و نادار بھکاری کی یہ حالت تھی کہ بچارا صبح سے شام تک ایک ایک شخص کے سامنے دستِ سوال دراز کرتا۔ ہر ایک دروازے پر جھولی پھیلاتا تو بمشکل اتنا پاتا کہ اس سے اپنا پیٹ پال سکے۔ کبھی اتنا بھی نہ ملتا تو فاقہ کاٹتا۔ اس کی ساری عمر یونہی بسر ہو گئی۔ وہ مرتے وقت وصیت کر گیا کہ اسے اس کی جھونپڑی میں ہی دفن کر دیا جائے۔ جب اس کی قبر کھودی گئی تو لوگ کیا دیکھتے ہیں کہ نیچے پرانے وقتوں کا ایک گراں بہا خزانہ مدفون ہے۔ بھکاری کی تباہ حال زندگی اور یہ خزانہ----- لوگوں کے لئے عبرت و موعظت کی ہزار داستانیں اپنے اندر رکھتا تھا۔

بھکاری اور خزانہ کا واقعہ حقیقت ہو یا افسانہ۔ لیکن کیا یہ حقیقت نہیں کہ آج مسلمان کی بھی یہی حالت ہو رہی ہے۔ اس نے دنیا میں اپنے آپ کو سب سے نادار۔ ہر ایک کا دست نگر سمجھ رکھا ہے اور نہیں جانتا کہ اس کے پاس ایک ایسا خزانہ موجود ہے جو اسے ساری دنیا سے بے نیاز کر دے۔

بھکاری کے دکھ کا علاج اسے ایک پیسہ خدا کی راہ میں دیدینا یا اس کی طرف روٹی کا ٹکڑا پھینک دینا نہ تھا۔ بلکہ اس کی سچی مدد یہ تھی کہ کسی اللہ کے بندے کو معلوم ہوتا تو اسے اس کے خزانہ کا پتہ دیدیتا۔ آج مسلمان کی مصیبتوں کا مداوا بھی یہی ہے کہ اسے اس کے چھپے ہوئے خزانہ سے روشناس کرا دیا جائے جو اس کی خستہ سامانیوں کو سرفرازیوں اور سربلندیوں میں بدل دے۔ یہ متاعِ گراں بہا قرآنِ کریم ہے جو ایک عرصہ سے مسلمان کی نگاہوں سے اوجھل ہو چکا ہے اور اب یہ اتنا بھی نہیں جانتا کہ اس کے اندر ہے کیا !!

آپ کہیں گے کہ مسلمان قرآنِ کریم کی تلاوت کرتے ہیں۔ اس کے ترجمے سنتے ہیں۔ تفسیروں کا درس دیا جاتا ہے۔ اس کی اشاعت کرتے ہیں اور کیا چاہئے؟ لیکن اگر آپ غور سے دیکھیں گے تو معلوم ہو جائیگا کہ اس سے زیادہ سے زیادہ قرآنِ کریم کی حفاظت یا اس کے ساتھ مسلمانوں کی عقیدت قائم رکھنے کا مقصد حاصل ہو سکتا ہے۔ لیکن محض حفاظت اور عقیدت تو مقصود بالذّات نہیں۔ قرآنِ کریم کے متعلق مسلمانوں کا دعویٰ ہے۔ اور یہ دعویٰ خود قرآنِ کریم ہی پر مبنی ہے کہ خدائے حیّ و قیوم کی یہ زندہ و پائندہ کتاب ایک مکمل دستور

العل' ایک بہترین ضابطۂ حیات ہے جو مسلمانوں کی زندگی کے ہر شعبہ میں ان کے لئے خضرِ راہ ہے۔ مسلمان کی تو زندگی ہی اس میں تھی کہ وہ ہر ایک قدم اٹھانے سے پیشتر اس امر کا جائزہ لے کہ وہ اپنا قدم اسی جادۂ مستقیم پر لے جا رہا ہے' جسے قرآنِ کریم نے دنیا اور آخرت کی سرفرازیاں حاصل کرنے کا واحد ذریعہ قرار دیا ہے۔ مسلمانوں کی مدنیت و عمرانیت۔ معاش و معاشرت۔ مذہب و سیاست غرضیکہ ہر مسئلۂ حیات کا حل اسی ایک نظام کی رُو سے ہونا چاہئے۔ اس کے تمام افکار و تخیّلات۔ اس کے تمام رجحاناتِ قلبی و ذہنی۔ اس کے تمام تصوراتِ دینی و دنیاوی۔ سب کی تشکیل اسی ایک سانچے میں ہونی چاہئے۔ اس کے پاس حقائق کے پرکھنے کا معیار ہو تو یہی اور صداقتوں کے ماپنے کا پیمانہ ہو تو یہی۔ یہ سُنے تو اس کی مدد سے۔ دیکھے تو اس کی روشنی میں۔ سمجھے تو اس کی بصیرت سے۔ اور اس طرح یہ اس ایک دروازے پر جھک کر ساری دنیا کے دروازوں سے مستانہ وار بے نیاز گزرتا جائے۔

آپ جس مسلمان سے پوچھئے۔ وہ بلاتکلّف کہدیگا کہ الحمد للہ میرا بھی یہی ایمان ہے لیکن کیا آج ہو بھی یہی رہا ہے۔ کیا مسلمانوں کی زندگی کا عملی حل قرآنِ کریم سے ہی تلاش کیا جاتا ہے !!! کیا ان کا دستور العمل واقعی خدا کا یہ آخری پیغام ہے۔ !!!

اس کا جواب اپنے گرد و پیش نظر دوڑا کر خود اپنے آپ سے لیجئے۔

لیکن اس تصویر کا اس سے بھی زیادہ بھیانک پہلو ایک اور ہے۔ یہ حفاظت و عقیدت کی بنیاد پر قرآنِ کریم سے لگاؤ کونسے مسلمانوں کو ہے۔ کیا انہی کو نہیں جو اب قصۂ ماضی بننے والے ہیں۔ لیکن ذرا اس طبقہ پر نگاہ ڈالئے جو کل کو اُمّتِ مسلمہ۔ ملّتِ اسلامیہ کہلانے والا ہے۔ یعنی آج کے نوجوانوں کا تعلیم یافتہ طبقہ۔ جانے والے مسلمانوں نے اس فضا میں پرورش پائی جہاں پھر بھی کچھ نہ کچھ مذہب کا چرچا تھا۔ لیکن یہ آنے والے مسلمان اس ماحول کے تربیت یافتہ ہیں جہاں اور سب کچھ ہے لیکن خدا اور رسول کا ذکر نہیں۔ ذرا کسی نوجوان مسلمان تعلیم یافتہ کے مکان پر جایئے۔ دنیا بھر کا لٹریچر اس کی الماریوں میں ملے گا۔ لیکن اگر نہیں ملے گا تو قرآنِ کریم کا نسخہ۔ وہ اپنے بچوں کو بڑے فخر سے آپ کے سامنے لائے گا۔ یہ بتانے کے لئے کہ یہ اتنی سی عمر میں کس طرح فرفر انگریزی بولتے ہیں۔ یہ قابلِ تحسین بات ہے۔ لیکن اگر آپ پوچھ بیٹھیں کہ بیٹا ! کلمہ بھی آتا ہے تو وہ آپ کا منہ تکتے رہ جائیں گے کہ یہ کس دیس کی بولی بولتا ہے۔ !

پھر آپ اِن کی درسگاہوں میں جایئے اور دیکھئے کہ وہاں مذہب سے بیگانگی ہی نہیں بلکہ نفرت پیدا کرنے کے کس قدر سامان موجود ہیں۔ نتیجہ اِن تمام اثرات کا یہ ہے کہ آپ کی قوم کے نوجوان۔ مسلمانوں کا سا نام تو

رکھتے ہیں، کہ اس پر انہیں اختیار نہ تھا۔ اور اب تو نام کو بھی اس انداز سے مروڑتے ہیں کہ اس سے شناخت ہی نہ ہو سکے کہ آپ کس مِلّت سے متعلق ہیں۔ لیکن ان کے قلب و دماغ کی تعمیر یکسر غیر اسلامی بنیادوں پر ہوتی ہے۔ جو ذرا متین و سنجیدہ ہوں گے وہ دل ہی دل میں مذہب کے خلاف بغاوت کی آتشِ خاموش سلگاتے رہیں گے۔ جو بزعمِ خویش آزاد قسم کے ہوں گے۔ وہ علانیہ تمسخر اڑائیں گے۔ پھبتیاں کسیں گے۔ اور یہ سمجھیں گے کہ وہ بہت بڑا جہاد کر رہے ہیں۔

لیکن یہ ان کا قصور نہیں۔ قصور سب ہمارا ہے کہ ایک طرف ہم نے انہیں مذہب سے ناآشنا رکھا۔ اور دوسری طرف ان کو تعلیم اس لہجے پر دلائی جس میں مذہب کے خلاف سرکشی کے تمام سامان موجود تھے۔ اور جہاں کہیں مذہب کی تعلیم کا انتظام بھی کیا وہ اس انداز کا تھا کہ اس سے ان کی بیگانگی اُلٹی نفرت سے بدل جائے۔

لیکن ذرا تصوّر میں لائیے اس وقت کو کہ جب آپ نہ ہوں گے اور انہی نوجوانوں کی جماعت کا نام مسلمانوں کی قوم ہو گا۔ مفادِ اسلامی کے تحفظ کے لئے آپ کی ہر کوشش لائقِ صد تحسین۔ لیکن سوچئے تو سہی کہ جن کی خاطر آپ یہ تحفظ کے سامان پیدا کر رہے ہیں ان کی نگاہ میں آپ کے اسلام اور اس کے مفاد کی کوئی وقعت بھی ہے! غور فرمایئے کہ کہیں آپ اس نیام کی پرداخت میں تو مصروف نہیں جس کے اندر تلوار لکڑی کی ہے۔ !!

بایں ہمہ نوجوانوں سے مایوس ہو جانے کی بھی کوئی وجہ نہیں۔ ایسے نوجوان بہت کم ملیں گے جنہیں اگر صحیح اسلام سے رُوشناس کرا دیا جائے تو پھر بھی وہ اپنی لادینی پر مصر ہوں۔ یہ ہماری ہی کوتاہی ہے کہ آنے والی قوم مذہب سے متنفر ہو رہی ہے۔

یہ تھے وہ خیالات جنہوں نے پچھلے دنوں چند صاحبِ ہمت۔ درد مند مسلمانوں کے ایک مختصر سے حلقہ کو دعوتِ غور و فکر دی، جن کی اکثریت نوجوانوں ہی پر مشتمل تھی۔ وہ کافی غور و تدبّر کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے کہ بڑی بڑی سکیموں۔ شاندار پروگراموں۔ تہلکہ انگیز تحریکوں کو چھوڑیئے۔ وقت وہ آگیا ہے کہ قرآنِ کریم کے الفاظ میں "ایک ایک دو دو کر کے ہی خدا کے لئے اُٹھ کھڑے ہو۔ پھر سوچو" کہ ہمیں کیا کرنا ہے۔ تجویز یہ ہوئی کہ مسلمان کو اس کی متاعِ گم گشتہ، اس کے چھپے ہوئے خزانہ سے روشناس کرانے کے لئے کچھ کیا جائے۔ اس کا پہلا قدم یہ ہو کہ ایک ماہوار مجلّہ شائع کیا جائے جو مِلّتِ اسلامیہ کی حیاتِ اجتماعیہ کا نقیب ہو۔ اور ان کی مِلّی زندگی کے ہر مسئلہ کا حل قرآنِ کریم کی روشنی میں پیش کرے اور نوجوان تعلیم یافتہ طبقہ پر یہ حقیقت واضح

کر سکے کہ قرآنِ کریم کوئی ایسی کتاب نہیں جسے ہم دورِ حاضرہ کی چمکتی ہوئی تہذیب اور دمکتے ہوئے فلسفہ کے سامنے لانے سے شرمائیں بلکہ یہ کہ انسان علم و عقل کی جن بلندیوں تک چاہے اُڑ کر چلا جائے' خدا کا یہ پیغام ازلی وہاں سے بھی دس قدم آگے ہی نظر آئے گا۔ اور جب ساری دنیا کی یہ حالت ہو جائے گی کہ۔

تھک تھک کے ہر مقام پہ دو چار رہ گئے

تو اس وقت تمام دنیا میں امن و امان قائم کرنے کے لئے۔ عدم سکون و فقدانِ اطمینان کی اس آگ کو فرو کرنے کے لئے جس کے شعلوں میں آج انسانیت یوں لپٹ رہی ہے' وہی نظام کارفرما ہو گا جو قرآن کی دقتین کے اندر محفوظ ہے۔ اور جس کے سوا اور کوئی نظام فطرتِ انسانی کے مطابق نہیں ہو سکتا کہ یہ نظام خود خالقِ فطرت کا متعین فرمودہ ہے۔

پھر خدا کے اس پیغام ازلی کو پیش کرنے والے حضرات ایسے ہوں کہ جن کی اُنگلیاں ملّتِ اسلامیہ کی نبض پر اور جن کی نگاہیں رفتارِ زمانہ کے مقیاس پر ہوں۔ اور ان کا اسلوبِ بیان اس درجہ دلکش ہو کہ اگر ادبی مذاق رکھنے والے حضرات ان مضامین کو محض ذوقِ ادب کی رعایت سے ہی پڑھنا شروع کریں تو بھی چھوڑنے کو جی نہ چاہے۔ اور جب وہ اُنہیں ختم کریں تو غیر محسوس طور پر پڑھنے والے کے قلب پر وہ ایک ایسا اثر چھوڑ جائیں جو الحاد و کفر نوازی کے تمام شکوک و شبہات کو رفع کر کے ان کے دل میں یہ یقین پیدا کر دے کہ فی الواقع قرآنِ کریم خدا کی کتاب ہے اور نوع انسانی کی ہر مشکل کا حل' ذہنِ انسانی کی ہر سطح کے مطابق اس کے اندر موجود ہے۔

رسائل کے اجراء میں سب سے بڑا جاں گسل اور جگر گداز مرحلہ وہ ہوتا ہے جہاں پہنچ کر وہ اقتصادی مشکلات میں پھنس جاتے ہیں اور خریداروں کی کمی سے رسالہ اپنا خرچ پورا نہیں کر سکتا۔ جو رسالہ اپنے اجراء سے پیشتر اس مشکل کا حل تجویز کر رکھتا ہے وہی چل سکتا ہے۔ ورنہ شروع سے ہی خریداروں کے آسرے پر جینے کی توقع کرنے والے پرچے کی تو یہ حالت ہوتی ہے کہ------ ہر قدم پر یہ گماں کہ یاں رہ گیا---- واں رہ گیا۔ چنانچہ اس مشکل کا حل پہلے سوچ لیا گیا ہے۔ اس جماعت کے ہر رکن نے ایک متعین رقم ادا کر کے اتنا سرمایہ فراہم کر دیا ہے کہ جو رسالہ کے خسارہ کا کفیل ہو سکے اور انہوں نے یہ تہیہ کر لیا ہے کہ جب تک رسالہ اپنے پاؤں پر خود کھڑا نہ ہو جائے وہ اس خسارہ کو پورا کرتے رہیں گے۔ اور اس کے منافع میں سے ایک پائی بھی اپنے لئے نہیں لیں گے۔

لہٰذا یہ پرچہ ایک فرد کی بجائے ایک جماعت کا پرچہ ہو گا۔ اور یہی جماعت اس کی مالک و مختار ہو گی۔

اس جماعت کا ہر رکن اس کا محافظ و نگراں ہو گا۔ کہ اس کے ساتھ اس کا قلبی تعلق وابستہ ہے۔ لیکن یہ جس متعین مسلک کا آئینہ دار ہو گا اس میں کسی فرد کو دخل نہ ہو گا۔ تمام امور باہمی مشاورت اور قرآنِ کریم کے نظام کے ماتحت سرانجام پائیں گے۔ جو حضرات اس امدادی پروگرام میں عملی حصہ لینا چاہیں، وہ اس کی تفصیل دریافت فرمائیں۔ اگر یہ سلسلہ وسیع ہو گیا تو کیا عجب کہ یہی ننھا سا پودا ایک دن ایک بار آور۔ تناور درخت بن جائے **كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ** اس شجرِ طیب کی طرح جس کی جڑیں مضبوط ہوں اور جس کی شاخیں آسمان کو چھو رہی ہوں۔

دورِ حاضرہ کے مسلمانوں کی انتہائی خوش بختی ہے کہ انہیں آج مسائلِ حیات کا حل قرآنی روشنی میں تلاش کرنے کے لئے کچھ زیادہ جگر کاری کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس ڈوبتی ہوئی قوم میں ایک ایسی گراں قدر ہستی کو پیدا کیا ہے جس نے اپنے دل و دماغ کی بہترین متاع کو تمام عمرانی مسائل کے حل میں صرف کر دیا۔ اور اس کے نتائج کا درخشندہ موتیوں کی طرح' بلا مُزد قوم کے سامنے انبار لگا دیا۔ یہ بیش بہا خزانہ آج "کلامِ اقبال" کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہے۔ اس پرچہ کی خوش نصیبی ہے کہ پیامِ اقبال کی نشرواشاعت اس کا مقصد ہو گا۔ آج ملّتِ اسلامیہ کی زندگی کا راز اس "پیام" کے اندر ہے کہ یہ پیام دراصل قرآنِ کریم کا پیام ہے۔ حضرت علّامہ مدظلہ العالی کی باریک بیں اور دُور رس نگاہیں حقائقِ قرآن کے سمجھنے میں جن بلندیوں تک پہنچ چکی ہیں، اُن سے کوئی دیدہ ور ناواقف نہیں۔ ملّتِ اسلامیہ اللہ تعالیٰ کی اس موہبتِ عظمیٰ پر جس قدر بھی ناز کرے بجا ہے۔

سابقہ طلوعِ اسلام کا نام بھی حضرت علّامہ کا ہی تجویز کردہ تھا۔ اور اس کا مسلک بھی یہی تھا۔ جن زہرہ گداز مشکلات کے ماتحت اس پرچہ کی اشاعت بند ہوئی، ان کے تذکرہ کی یہاں ضرورت نہیں البتہ اس کے بند ہونے کی وجہ سے ملّتِ اسلامیہ کو جو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا اس کے احساس کا اظہار تو مجبوراً ہو جاتا ہے۔ گذشتہ "یومِ اقبال" کی ترتیب کے سلسلہ میں جب دہلی کا قافلہ' حضرت علّامہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہیں بھی طلوعِ اسلام کے احیا کے لئے متردّد پایا۔

ان حالات کے پیشِ نظر اس پرچہ کا نام بھی "طلوعِ اسلام" ہی رکھا گیا ہے۔ اربابِ معنی کے نزدیک تو گویا یہ سابقہ طلوعِ اسلام کا ہی دورِ جدید ہے۔ حضرت نذیر نیازی (مدیر سابقہ طلوعِ اسلام) کا اس باب میں اعلان آپ دوسری جگہ ملاحظہ فرمائیں گے۔ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ان کی عقیدت و توجہات اسی طرح اس پرچہ کے شاملِ حال رہیں گی جیسی ان کے اپنے پرچہ کے ساتھ تھیں اور یہ بھی ہے کہ یہ پرچہ بھی کسی غیر کا

نہیں ہے۔ یہ تو ملّتِ اسلامیہ کے ہر درد رکھنے والے مسلمان کی مشترکہ متاع ہے۔ یہ تو محض انتظامی معاملات اور ذمہ داریوں کی کفالت کی بناء پر ہے جو اسے اس جماعت کا پرچہ کہا جائے گا جس کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ سابقہ طلوعِ اسلام کے خریداران اور بہی خواہان اسے اپنا ہی پرچہ تصور فرمائیں۔

پھر ہماری خوش بختی ہے کہ ہندوستان کے ممتاز اہل الرائے اور اہلِ قلم حضرات کی ایک جماعت کی توجیہات و عنایات ہمارے شامل حال ہیں۔ اور ان میں سے اکثر حضرات کی نہ صرف قلمی اعانت ہی ہمیں رہینِ منّت کریگی بلکہ ان کی بالغ نظری اور بلند نگہی ہر مسئلہ میں ہمارے لئے شمعِ ہدایت ہو گی۔ اس ضمن میں منجملہ دیگر حضرات۔ جناب مولانا اسلم جیراجپوری مدظلّہ، شمس العلماء مولانا عبدالرحمٰن صاحب قبلہ۔ جناب چوہدری غلام احمد صاحب پرویز۔ بی۔ اے۔ جناب سید ابوالاعلیٰ مودودی صاحب (مدیر ترجمان القرآن) ڈاکٹر تصدّق حسین صاحب خالد۔ ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ بارایٹ لاء۔ جناب محمد اسد خان صاحب۔ اسد ملتانی صاحب جناب راجہ حسن اختر صاحب۔ پی۔ سی۔ ایس۔ خاص طور پر ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں۔

ان کے علاوہ دیگر ممتاز اسلامی مفکّرین کی توجیہات کو مرکوز کرنے کے لئے پوری کوششوں سے کام لیا جائیگا۔ جن حضرات نے "متنوعات" کے ذیل میں مختصر عنوان مستقلاً" اپنے لئے منتخب کئے ہیں ان کی ندرتِ فکر۔ وسعتِ نظر اور اصابتِ رائے۔ اربابِ ذوق کے نزدیک مسلم ہے۔ انتظامی معاملات کے متعلق اتنا کہدینا ہی کافی ہو گا کہ جن حضرات کے ہاتھوں میں اس کا نظم و نسق ہے ان کی وسعت تجربہ بجائے خویش ایک متاع گراں ہے۔ اور ان کی دیانت شک و شبہ سے بالاتر ہے۔

لیکن یہ تمام انتظامات۔ اور ان سے متعلقہ مساعی۔ یہ تمام تدابیر اور ان کی جز رسی۔ یہ ولولے اور یہ ارادے یہ تجاویز اور ان کی تکمیل کے لئے کوششیں۔ یہ مقاصد اور ان کے حصول کے لئے ذرائع۔ یہ سب انسانی دماغوں کی تخلیق ہیں۔ جو نہ غلطیوں سے مبرا ہیں نہ سہو اور فروگذاشت سے منزّہ۔ جنہیں نہ کل کے آنے والے واقعات کا علم ہے۔ نہ اس پر تصرف و قدرت! لہٰذا یہ تمام انسانی کوششیں پرکاہ جتنا بھی وزن نہیں رکھتیں اگر اس خدائے حیّ و قیوم کا فضل اور اس کی رحمت شاملِ حال نہ ہو کہ موت و حیات، کامیابی و ناکامی، فلاح و خُسران اسی کے ہاتھ میں ہے۔ اس کی اعانت شریک کار ہو تو ادنیٰ سے ادنیٰ کوشش اور کمزور سے کمزور حرکت وہ نتیجہ پیدا کر دے کہ بڑے سے بڑے ساز و سامان رکھنے والے انگشت بدنداں رہ جائیں اور اگر وہی شاملِ حال نہ ہو تو دنیا بھر کی قوتیں اور ان کا ہجوم ایک ذرّہ کو بھی اپنی جگہ سے نہ ہلا سکے۔ اس لئے بھروسہ نہ اپنی تدابیر و تجاویز پر ہے، نہ قوت و استعداد پر۔ بھروسہ فقط اس کی ذات پر ہے جو ہر کمزور اور

ناتوان کا حقیقی آسرا اور ہر نحیف و نزار کا یقینی ملجا ہے۔ بازار مصر میں ایک ضعیفہ کی سُوت کی انٹی یقیناً ہر صاحبِ دولت و حشمت کے چہرے پر ایک حقارت کی ہنسی کے آثار پیدا کر دیتی ہے لیکن چہ عجب کہ اس کے دربار میں جہاں قیمتوں کے معیار بالکل جداگانہ ہوتے ہیں اسی انٹی کی قیمت دولت کونینِ سے بڑھ جائے۔ ردّ و قبول تو اس کی مشیّت پر موقوف ہے۔ لیکن ممکن ہے کہ سادہ دلی کی یہ جرأت ہی کسی کی شانِ استغناء میں ترحّم خسروانہ کا ایک ہلکا سا تبسّم پیدا کر دے۔ کہ یہ بے بضاعتی ملاحظہ ہو اور اس کے ساتھ یہ اُمنگیں اور یہ ولولے! بہرحال جو کچھ ہمارے پاس ہے اسے لیکر اس شاہنشاہِ گدا نواز کے آستانے پر حاضر ہو رہے ہیں اس التجا کے ساتھ کہ

کوہِ آتش خیز کن ایں کاہ را ز آتش ما سوز غیر اللہ را
رہرواں را منزلِ تسلیم بخش قوتِ ایمانِ ابراہیم بخش

ان دعاؤں اور ان التجاؤں کے ساتھ یہ پہلا قدم اس کے راستہ میں اٹھایا جا رہا ہے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم ط

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

بڑھاپا

"حکیم جی رات بھر کھانسی اٹھتی رہتی ہے۔ پسلیاں دکھ جاتی ہیں۔ ایک منٹ کیلئے سونا نہیں ملتا"۔
"بڑے میاں یہ بڑھاپا ہے"۔ حکیم جی نے کہا۔
"حکیم جی ! بھوک قطعاً" بند ہے۔ دو لقمے کھا لیتا ہوں تو چھاتی پر بوجھ بنے رہتے ہیں"۔
"بڑے میاں ! یہ بڑھاپا ہے"۔
"حکیم جی ! بینائی کم ہو رہی ہے۔ اب سنائی بھی اونچا دیتا ہے۔ اٹھتا ہوں تو پاؤں لڑکھڑاتے ہیں"۔
"بڑے میاں۔ بڑھاپا ہے۔"
"تجھے کس پاجی نے حکیم بنا دیا۔ گدھا کہیں کا۔ میں جو کچھ کہتا ہوں۔ کہدیتا ہے بڑھاپا ہے؟
"بڑے میاں ! یہ بھی بڑھاپا ہے"۔ حکیم نے مسکراتے ہوئے کہا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

احتسابِ خویش

(بانیٔ تحریک کا پیغام وابستگانِ تحریک کے نام)

عزیزانِ گرامی قدر! اب مجھے ان خارجی امور سے آگے بڑھ کر، اپنی داخلی دنیا کی طرف آنا چاہیئے قرآنِ کریم نے اہل کتاب کے پیشوایان مذہب کے متعلق کہا تھا کہ

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

(2/44)

تمہاری حالت یہ ہے کہ لوگوں کو تو بھلائی کی تلقین کرتے ہو، لیکن خود وہ کچھ نہیں کرتے جو دوسروں سے کہتے ہو۔ حالانکہ تمہارا دعویٰ یہ ہے کہ تم کتابِ خداوندی کا اِتباع کرتے ہو۔ تم اگر ذرا بھی عقل و بصیرت سے کام لو تو یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ اِتباعِ کتاب کا پہلا نتیجہ تو یہ ہونا چاہیئے کہ خود تمہاری اپنی اصلاح ہو۔ لیکن تم ہو کہ دوسروں کی اصلاح کے پیچھے تو لٹھ لئے پھرتے ہو، لیکن اپنی اصلاح کی کوئی فکر ہی نہیں کرتے۔

عزیزانِ من! ہمیں دیکھنا چاہیئے کہ کیا قرآنِ کریم کا یہی اعتراض خود ہم پر تو وارد نہیں ہوتا؟ میں نے جہاں تک حالات کا جائزہ لیا ہے۔ ہم میں بیشتر احباب ایسے ہیں کہ قرآنی فکر ان کے دماغ تک تو پہنچی ہے لیکن ان کے قلب میں نہیں اُتری۔ قرآن کے الفاظ میں------ **وَ لَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ**--- یاد رکھیئے! قرآنِ کریم کا حقیقی مقصد، انسان کی سیرت و کردار میں خوشگوار تبدیلی پیدا کرنا ہے۔ اور یہ مقصد حاصل نہیں ہو سکتا، جب تک قرآنی فکر انسان کے قلب کی گہرائیوں تک نہ اُترے۔ اس سلسلہ میں ایک نہایت لطیف نکتہ کا ذہن نشین کر لینا ضروری ہے۔ بعض جرائم ایسے ہیں جو معاشرہ میں بالبداہت معیوب قرار دیئے جاتے ہیں---- مثلاً شراب نوشی، قمار بازی، فحش کاری وغیرہ---- اس قسم کے جرائم سے مُجتنب رہنا نہایت ضروری ہے۔ لیکن فقط ان سے اجتناب سے سیرت و کردار میں تبدیلی نہیں آجاتی۔ ہم اپنے بچپن کی غلط تعلیم و تربیت اور ماحول کے اثرات سے بہت سی نفسیاتی پیچیدگیاں (Complexes) اور تحت الشعوری

گرہیں (Inhibitions) لے کر پروان چڑھتے ہیں۔ قرآنِ کریم نے جب کہا ہے کہ وہ **شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ** تو اس سے مُراد یہ ہے کہ وہ ان تمام نفسیاتی عوارض کو دور کر کے ایک متوازن شخصیت (Balanced Personality) اُستوار کر دیتا ہے۔ سیرت و کردار کی بلندی' متوازن شخصیت ہی کا دوسرا نام ہے۔ محسوس جرائم--- شراب نوشی' قمار بازی' فحش کاری وغیرہ سے مجتنب رہنا کچھ زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔ اس میں تو خود سوسائٹی کی نظروں میں گر جانے کا خیال بھی روک تھام کا باعث بن جاتا ہے۔ لیکن نفسیاتی پیچیدگیاں اور تحت الشعوری عوارض' وہ غیر محسوس شیاطین ہیں جو انسان کے خون میں حلول کئے ہوتے ہیں۔ اِنہیں وہاں سے نکالنا بڑی ہمت کا کام ہے۔ اور جب تک یہ نہ نکلیں' اِنسان کی سیرت میں توازن پیدا نہیں ہو سکتا۔ ایک غیر مُتوازن شخصیت کس طرح خود بھی جہنم میں رہتی ہے اور اپنے وابستگانِ دامن کو بھی جہنم کے عذاب میں مبتلا رکھتی ہے' اس کا تجربہ ہمارے گھروں کی زندگی اور نجی محفلوں سے لگ سکتا ہے۔ ایسے لوگ آپ کی نگاہ میں ہوں گے جن میں اس قسم کا کوئی عیب نہیں جس کا اُوپر ذکر کیا گیا ہے۔ حتیٰ کہ وہ صوم و صلوٰۃ کے بھی پابند ہوں گے۔ لیکن اتنی سی بات سے کہ انہیں اپنے آپ پر کنٹرول نہیں انہوں نے اپنے گھر کو جہنم اور دوستوں کی محفل کو "ضیق النفس" کا مریض بنا رکھا ہو گا۔ یہ کیا ہے؟ وہی نفسیاتی پیچیدگی' جو تحت الشعور میں جاگزین ہے۔ ایسے لوگ' شراب خوری اور فحش کاری کو تو جُرم (گناہ) سمجھتے ہیں، لیکن اس قسم کی کمزوریوں کو اپنی "عادت" کہہ کر خود فریبی میں مبتلا رہتے ہیں۔ قرآنِ کریم ان نفسیاتی عوارض کا علاج کر کے' انسانی شخصیت کو متوازن بنا دیتا ہے۔ اس بات کے پرکھنے کا معیار (کہ کسی کی شخصیت کس حد تک متوازن ہو چکی ہے) یہ ہے کہ اس میں (علیٰ حدِّ بشریّت) صفاتِ خداوندی کا انعکاس کس حد تک ہوتا ہے۔ اسی کو خدا کے رنگ میں رنگے جانا کہتے ہیں۔ قرآنِ کریم میں صفات خداوندی (الاسماء الحُسنیٰ) کا تذکرہ اس اصرار و تکرار کے ساتھ آیا ہی اس لئے ہے کہ وہ ہماری سیرت کے پرکھنے کا نہایت واضح خارجی معیار بن سکیں۔

سو' اے ہمصفیرانِ چمنستانِ قرآنی ! اگر ہماری شخصیت میں اس قسم کی تبدیلی نہیں آرہی' تو ہماری قرآن فہمی شاعری کی داد سے زیادہ کچھ نہیں۔ بلکہ اس کا نقصان یہ ہے کہ اس سے انسان اس خود فریبی میں مبتلا ہو جاتا ہے کہ میں دوسروں کے مقابلہ میں بہت آگے ہوں۔ اور اس طرح اُن سے نفرت کرنے لگ جاتا ہے۔ جو اس فریب میں مبتلا ہو اسے سمجھ لینا

چاہئے کہ اسے قرآن کی بارگاہ سے کچھ بھی بہرہ نصیب نہیں ہوا۔ ہم اگر دوسروں سے آگے ہو سکتے ہیں تو صرف اپنی سیرت کی بلندی کی بنا پر ہو سکتے ہیں۔ محض طلوعِ اسلام کے مسلک سے متفق یا قرآنی فکر سے آشنا ہونے کے زعم پر دوسروں سے آگے اور اُونچے نہیں ہو سکتے۔ اس خیال خام کو دل سے نکال دیجئے۔ یہ بھی تو ممکن ہے کہ جو ہم سے متفق نہیں وہ پاکیزگیٔ سیرت میں ہم سے آگے ہو۔ اس لئے آپ کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ جو شخص طلوعِ اسلام سے متفق نہ ہو' آپ اس سے نفرت کرنے لگ جائیں۔ ہمارے لئے نہایت ضروری ہے کہ ہم قدم قدم پر اس امر کا جائزہ لیتے جائیں کہ ہمارے گھر کی زندگی میں جنّت کا سا سکون ہے یا نہیں۔ احباب کے ساتھ ہمارے تعلقات میں کس حد تک خلوص و یگانگت ہے۔ دوسروں کے ساتھ معاملات میں ہماری دیانت و امانت کی کیا کیفیت ہے۔ جو عہد ہم نے اپنی تحریک کے ساتھ باندھا ہے' اس میں کس حد تک اُستواری اور وفا شعاری ہے۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ دوسروں کا دکھ درد بٹانے کے لئے ہمارے اندر کس حد تک ایثار و خود فراموشی کا مادہ ہے۔ اور ایسا کرنے کے بعد' ہمارا نفس کسی قسم کی نمود و ستائش کا متمنی تو نہیں۔ اگر آپ کے اندر اس قسم کی تبدیلی پیدا ہو رہی ہے تو قرانی فکر سے وابستگی آپ کے لئے نفع بخش ہے۔ اگر ایسا نہیں تو یہ محض تفریحِ طبع سے زیادہ کچھ نہیں۔ اس صورت میں' لوگ بجا طور پر آپ کو یہ طعنہ دے سکیں گے کہ ؎

خزاں تو موردِ الزام ہی سہی' لیکن
بہ فیضِ بادِ صبا بھی تو گُل نہ کھلے

اور اگر آپ نے اپنے اندر اس قسم کی جنت آفریں تبدیلی پیدا کر لی ہے تو آپ بصد وجد و کیف' گُل کدۂ قرآنی سے کہہ سکیں گے کہ ؎

ابدی بادِ بہار تو کہ در انجمنت
کفِ خاک آمدم و جوشِ بہاراں رفتم

ڈسپلن

"تم نے اس فائل کو میرے گھر کیوں نہیں بھیج دیا؟ مفت میں اس قدر دیر کر دی۔ اس کا تمہارے پاس کیا جواب ہے؟"

"جناب آپ نے اس دن فرمایا تھا کہ جب تک آپ نہ کہیں' کوئی کام گھر پر نہ بھیجا جائے"

"تم سامنے بولنے سے باز نہیں آتے؟ تمہاری زبان تمہارے قابو میں نہیں رہتی؟ تمہیں کب سلیقہ آئے گا؟" کلرک کے چلے جانے کے بعد میں نے ارشد سے کہا کہ تم نے کس قدر نامعقول بات کی ہے۔

اس نے جواب دیا۔ "ڈسپلن اسی طرح قائم رہتا ہے"

اسے کون بتائے کہ ڈسپلن بگڑتا ہی اس طرح سے ہے؟

ڈسپلن کا سرچشمہ دل کا احترام ہے اور احترام پیدا ہوتا ہے افسر کے کیریکٹر سے۔ نہ کہ نامعقولیت سے!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بیادِ اقبالؒ

استحکامِ ملّت

(از افاداتِ قلم حضرت علّامہ اقبالؒ)

1799ء میں اسلام کا سیاسی زوال مکمل ہو گیا لیکن یہ اس کی اندرونی قوت کا ایک ناقابلِ انکار ثبوت ہے کہ مسلمانوں کو اس کا فوراً ہی احساس بھی ہو گیا۔ اُنیسویں صدی میں سرسیّد احمد خان، سیّد جمال الدین افغانی اور مفتی عالم جان پیدا ہوئے۔ سیّد احمد خاں کی طرح مفتی عالم جان کا بھی یہی خیال تھا کہ رُوسی مسلمانوں کو جدید تعلیم حاصل کرنی چاہئے۔ سیّد جمال الدین کی ذات البتہ ان سے مختلف تھی۔ ان کی روح آج بھی دنیائے اسلام میں سرگرمِ کار ہے اور نہیں کہا جا سکتا کہ اس کی انتہا کہاں ہو گی۔

بہرکیف ان جلیل القدر ہستیوں کا خیال تھا کہ تین قوتیں ہیں جو دنیائے اسلام پر حاوی ہیں اور جن کا ازالہ اسلام کی ترقی کے لئے ضروری ہے۔ اول ملائیت جس نے اجتہاد کا دروازہ بند کر رکھا ہے۔ ثانیاً" ایک زوال پذیر تصوّف جس نے مسلمانوں کے اندر حقائقِ حیات کی بجائے طرح طرح کے اوہام اور ساقط العملی پیدا کر دی ہے اور ثالثاً" سلاطینِ اسلام جو اپنی ذاتی اغراض کے لئے قوم کو غیروں کے ہاتھ بیچتے رہتے ہیں۔ یہاں یہ ممکن نہیں کہ ان بلند مرتبت حضرات کی اصلاحی کوششوں سے جو تبدیلیاں رونما ہوئیں انہیں تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے۔ ہاں ایک بات ظاہر ہے اور وہ یہ کہ زاغلول پاشا، مصطفیٰ کمال اور رضا شاہ کا ظہور ایک حد تک انہیں کوششوں کا نتیجہ ہے۔ ان کے پیش رو مصلحین کا کام تعبیر و استدلال اور تشریح و توضیح کرنا تھا لیکن جن شخصیتوں کا ظہور اب ہوا ہے وہ اگرچہ علم میں ان سے بہت پیچھے ہیں مگر نہایت صحیح الفطرت، جو اگر ضرورت پیش آئے تو زور اور جبر سے کام لیکر بھی ان باتوں کو منوا سکتے ہیں جو دنیا کے موجودہ حالات میں ناگزیر ہیں۔ اس قسم کے لوگ اگرچہ غلطیاں کرتے ہیں لیکن بعض اوقات ان کی غلطیاں بھی فائدے سے خالی نہیں ہوتیں۔ یہ درست ہے کہ مسلمانانِ عالم جدید خیالات سے متاثر ہوئے لیکن سیّد احمد خاں، سیّد جمال الدین افغانی اور ان کے ہزارہا شاگرد جنہوں نے اسلامی دنیا کی ذہنی اور روحانی فضا کو ایک نئی شکل دینے کی کوشش کی تھی۔ افرنگی مآب مسلمان نہیں تھے۔ بلکہ ان کی ساری تعلیم قدیم علما ہی کے زیرِنگرانی ہوئی تھی۔ لہٰذا ترکوں میں جو انقلاب رونما ہوا اور جس کا جلد یا بدیر دوسرے اسلامی ممالک میں ظاہر ہونا ضروری ہے، خود اسلام ہی کی اندرونی قوتوں کا نتیجہ ہے۔ لہٰذا سوال یہ ہے کہ آیا ہندوستان سے باہر تمام مسلمان اور بالخصوص ترک کیا واقعی اسلام کو خیرباد کہہ چکے ہیں۔ جیسا کہ پنڈت جواہر لال نہرو کا خیال ہے۔ انہیں یہ معلوم نہیں کہ اسلامی نقطۂ نظر سے کسی شخص کا مسلمان یا کافر ہونا ایک فقہی اور قانونی سوال ہے جس کا انحصار اس بات پر ہے کہ کیا اس کو اسلام کے بنیادی اصولوں کا

اقرار ہے؟ اگر کوئی شخص توحید اور ختمِ رسالت پر ایمان رکھتا ہے تو بڑے سے بڑا مُلّا بھی اسے دائرہ اسلام سے خارج نہیں کر سکتا۔ ممکن ہے پنڈت جی کے ذہن میں ان اصلاحات کا خیال ہو جو اتاترک مصطفیٰ کمال کی طرف منسوب کی جاتی ہیں۔ اندریں حالات یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا ترکوں کے مادی رجحانات فی الواقع اسلام کے منافی ہیں؟ ایک غیر مسلم کے لئے اس بات کا سمجھنا بہت مشکل ہے کہ مسلمانوں کے مادی رجحانات شعورِ ذات کی ایک صورت ہیں۔ اسلام کو ان رجحانات سے کوئی خطرہ نہیں۔ قرآنِ پاک کا صاف و صریح ارشاد ہے کہ "دنیا میں تمہارا جو حصہ ہے اسے مت چھوڑو۔" پھر کیا لاطینی رسم الخط کی ترویج یا قدیم لباس کا ترک اس بات کی دلیل ہے کہ تُرک اب مسلمان نہیں رہے حالانکہ بحیثیت ایک مذہب نہ اسلام کا کوئی وطن ہے نہ بحیثیت جماعت اس کی کوئی زبان۔ بالخصوص وضع قطع۔ قرآنِ پاک کو ترکی زبان میں تلاوت کرنے کی ایک مثال بھی اسلامی تاریخ میں موجود ہے۔ گو میرے نزدیک یہ ایک نہایت ہی شدید غلطی ہے اس لئے کہ غیر مغربی زبانوں میں سوائے عربی کے اور کسی کا مستقبل نہیں۔ اس ضمن میں تو اب یہ خبریں آنے لگی ہیں کہ ترکوں نے پھر عربی متن کو اختیار کر لیا ہے۔ ممکن ہے تعداد ازدواج کی تنسیخ یا علما کے لئے 'پروانوں' کا حصول اسلام کے خلاف قرار دیا جائے حالانکہ فقہ اسلامی کی رُو سے ایک اسلامی ریاست کا امیر شریعت کی "اجازتوں" کو روک سکتا ہے بشرطیکہ اسے یقین ہو کہ لوگ ان سے ناجائز فائدہ اٹھائیں گے۔ رہا علما کیلئے لائسنس یا پروانوں کا حاصل کرنا سو یہ ایک ایسی بات ہے کہ اگر حضرت شاہ ولی اللہؒ یا امام ابن تیمیہ آج زندہ ہوتے تو ان کا دل کس قدر خوش ہوتا۔ مشکوٰۃ میں ایک حدیث ہے کہ ایک اسلامی حکومت کا امیر یا اس کے مقرر کئے ہوئے لوگ ہی وعظ و تبلیغ کر سکتے ہیں۔ البتہ سویلین قانون کا اختیار کرنا ضرور ایک خطرناک غلطی ہے اور تُرکوں کی طرح تمام دنیائے اسلام کو ابھی اسلامی قانونِ وراثت کے نامعلوم معاشی پہلوؤں کو سمجھنا ہے۔ جو قرآنِ کریم کے نزدیک فقہ اسلامی کی ایک نہایت درجہ اچھوتی شاخ ہے۔ رہا تنسیخِ خلافت اور مذہب اور ریاست کی علیحدگی کا مسئلہ سو اس کو سمجھنے کے لئے اول اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ اسلام اور شہنشاہیت دو الگ اور مختلف چیزیں ہیں اور تُرکوں نے جس خلافت کو ختم کیا ہے یہ وہ نظامِ شہنشاہیت تھا۔ جو بنو اُمیّہ کے ساتھ وجود میں آیا۔ البتہ ادارہ خلافت کے متعلق ترکوں کا اجتہاد یہ ہے کہ اب عالمگیر خلافت کا قیام ممکن نہیں۔ مذہب اور ریاست کے معاملہ میں بھی یہ دیکھنا باقی ہے کہ ایسا کرنے میں تُرکوں نے یورپ کا اتباع کیا ہے یا محض سیاسی اور دینی وظائف کی تقسیم مدنظر ہے، جیسا کہ دنیائے اسلام میں قاعدہ رہا ہے۔ بہرکیف یہ بات ناممکن سی معلوم ہوتی ہے کہ مسلمان اس بارے میں یورپ کی تقلید کریں گے، جس نے روح اور مادہ کو دو الگ الگ وجود قرار دے رکھا ہے۔

ترکوں کی ان اصلاحات کے بعد اب ہم ان وطنی اور نسلی تخیلات سے بحث کریں گے جو بقول پنڈت جواہر لال نہرو ایران اور ترکی میں کام کر رہے ہیں اور جن سے گویا یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ ان ممالک میں اب اسلام کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ تاریخ انسانی کا طالب علم اس امر سے خوب واقف ہے کہ اسلام کا ظہور اس وقت ہوا جب دنیا کی وہ تہذیبیں جن کا دارو مدار قرابت اور بادشاہ پرستی پر تھا مٹ

رتی تھیں- اسلام نے اتحادِ انسانی کی بنا گوشت اور پوست کے رشتوں پر نہیں رکھی بلکہ ان کے قلب و نفس پر- اندریں حالات اسلام نے انسان کو یہ پیغام دیا ہے "نسل پرستی کو چھوڑ دو ورنہ آپس کی لڑائیاں تمہیں ہلاک کر دیں گے" یہ کہنا مبالغے میں داخل نہیں کہ اسلام نے اپنے مخصوص ادارات سے کام لیتے ہوئے فطرت کی نسل سازیوں کو ہمیشہ شکست دینے کی کوشش کی ہے- چنانچہ اسلام کو جو کامیابی انسانوں کی ایک برادری تیار کرنے میں ہوئی ہے، بدھ مت یا مسیحیت کو دو ہزار برس میں بھی نہیں ہو سکی- کیا یہ ایک معجزہ نہیں کہ ایک ہندی مسلمان کو اختلافِ نسل اور اختلافِ زبان کے باوجود مراکش پہنچ کر بھی کوئی اجنبیت محسوس نہیں ہوتی؟ با ایں ہمہ اسلام نے نسل کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے اور اس کے ازالے کی طرف بتدریج قدم اٹھایا ہے- قرآن پاک کا ارشاد ہے "ہم نے تم کو شعوب و قبائل میں محض تعارف کے لئے تقسیم کیا ہے' خدا کے نزدیک بڑا وہی ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے"- لہٰذا نسل کا مسئلہ کوئی معمولی مسئلہ نہیں اور اس سے جو خرابیاں رونما ہوتی ہیں ان سے بچنے کی ایک ہی ترکیب ہے اور وہ یہ کہ ہم اسلامی طریقِ عمل کو اختیار کرتے ہوئے نسلیت کو مٹانے کی کوشش کریں- مصطفیٰ کمال کے دل میں اگر اتحادِ توران کا جذبہ کام کر رہا ہے تو محض ایک سیاسی حربے کے طور پر اور میرے نزدیک یہ جواب ہے اتحادِ سلافیت' اتحاد المانویت یا اینگلو سیکسنت کا۔

جہاں تک وطنیت کا تعلق ہے اسلام نے کبھی اس جذبے کی مخالفت نہیں کی کہ انسان اپنے وطن سے محبت نہ رکھے- اسلام صرف اس وطنیت کا مخالف ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ مذہب کو انسان کی اجتماعی زندگی سے کوئی تعلق نہیں ہونا چاہئے- لیکن ترکی' ایران' مصر اور دوسرے اسلامی ممالک میں یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اس لئے کہ یہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے اور اگر یہاں اقلیتیں ہیں تو اہلِ کتاب کی جن سے اسلام نے معاشرتی روابط حتیٰ کہ ازدواج تک کی اجازت دی ہے- مسلمانوں کیلئے یہ مسئلہ صرف ان ممالک میں رونما ہوتا ہے جہاں ان کی اقلیت ہے- لہٰذا یہاں ان کی یہ خواہش کہ وہ اپنی جداگانہ انفرادیت کو محفوظ رکھیں ہر اعتبار سے حق بجانب ہے-

میری رائے میں اب یہ مسئلہ پورے طور پر واضح ہو جاتا ہے کہ دنیا میں اسلام کی وحدت بدستور قائم ہے- یہ وحدت جیسا کہ میں نے کسی دوسری جگہ بیان کیا ہے اسلام کے دو بنیادی عقائد (توحید اور ختم نبوّت) پر مبنی ہے جن میں پانچ ارکان اسلامی کا اور اضافہ کر لینا چاہئے- اس وحدت کو اگر کسی نے توڑا تو ایران میں بہائیوں اور ہندوستان میں قادیانیوں نے- بہرکیف اس بات کو یاد رکھنا چاہئے کہ وحدتِ اسلامی نے عملی اعتبار سے ایک ایسی مشترک روحانی فضا قائم کر دی ہے جس میں تمام دنیائے اسلام شریک ہے- اس سے بلادِ اسلامیہ کا ایک سیاسی مجموعہ تیار ہو سکتا ہے جو ممکن ہے ایک عالمگیر ریاست یا اسلامی ریاستوں کی ایک انجمن کی شکل اختیار کر لے اور جن کے باہمی معاہدات سیاسی اور معاشی مصالح پر مبنی ہوں- یوں پتہ چلتا ہے کہ دینِ اسلامی نے اپنی سیدھی سادھی ہیئت کا جو تصور قائم کیا ہے وہ کس طرح ہر زمانے میں اپنے لئے ایک نیا راستہ تیار کر لیتی ہے- (طلوع اسلام فروری 1936ء سے ماخوذ- مدیر مسئول)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سرسیّد احمد خانؒ

کیا نیچر کے ماننے سے خدا معطّل ہو جاتا ہے؟

بہت نیک، مگر کم غور کرنے والے بزرگوں کا یہ خیال ہے کہ اگر دنیا ایک قانونِ قدرت پر چلتی ہے اور اس کے بر خلاف نہیں ہو سکتا، گو وہ قانونِ قدرت خود خدا ہی نے بنایا ہو، مگر اس کے بنانے کے بعد خدا کے کرنے کے لئے کیا کام باقی ہے۔ پھر ایسے خدا سے جو معزول یا معطّل ہو گیا ہے ہم کو کیا غرض ہے اور وہ ہمارے کس کام کا ہے۔

نعوذُ باللہ، ایسے خیالات تعمق نہ کرنے سے لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ وہ نہیں سمجھتے کہ نعوذ باللہ اگر خدا قانونِ قدرت بنا کر معطّل ہو گیا ہو تو اس قانون قدرت کا قائم رکھنے والا اور دنیا کو اس قانون کے مطابق چلانے والا کون ہو گا؟

وہ لوگ ہمیشہ ان خیالات اور قیاسات کو جو ممکنات سے اخذ کرتے ہیں، ذاتِ باری کے ساتھ منسوب کرتے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں کہ ایک کاریگر نے گھڑی بنائی جو باقاعدہ چلتی ہے، اب گھڑی بنانے والے کو اس سے کچھ تعلق نہیں رہا۔ وہ جیتا ہو یا مر جائے، معطّل ہو یا معزول، وہ گھڑی بدستور چلا کرے گی۔ اسی قیاس پر کہتے ہیں کہ بالفرض اگر خود خدا ہی نے قانونِ قدرت بنا دیا جس پر دُنیا چلتی ہے تو اب خدا کے لئے کیا کام رہا اور ہم کو اس سے کیا غرض رہی۔

ایک مقدس خدا پرست کہہ سکتا ہے میاں اب وہ ہمارے اور تمہارے لیے بہشت میں محل اور باغ بنا رہا ہے اور دوزخیوں کے لیے جہنم میں آگ سُلگا رہا ہے۔ خیر یہ تو ایک دل لگی کی بات ہے، مگر جو خیال کہ ممکنات سے اخذ کیا ہے اس کو خدا کے ساتھ منسوب کرنا محض غلطی و نادانی ہے۔

علّۃ اور علّۃ العلل میں بہت فرق ہے، علّت مؤثر ہوتی ہے اشیاءِ موجودہ میں بلا واسطہ یا بواسطہ دیگر علل کے اور وہ خود بھی معلول ہوتی ہے کسی علّۃ کی۔ اور علّۃ العلل سبب ہوتی ہے اس شیئی کے وجود کی اور اس لیے وجود اس شیئی کا منحصر ہوتا ہے وجود علّۃ العل پر اور تمام علل و معلول جو ہوتی رہتی ہیں وہ معلول ہوتی ہیں اسی علّۃ العلل کی اور اس لیے علّۃ العلل اپنے معلول بلا واسطہ یا بواسطہ سے علیحدہ نہیں ہو سکتی، بلکہ ہر وقت اس کے لیے علّۃ ہوتی ہے اور اگر علیحدہ ہو تو وجود شیئی کا معدوم ہو جائے اور تسلسل علّۃ و معلول کا نہ رہے اور یہی معنی احاطت کے ہیں جہاں خدا نے فرمایا ہے "**اِنَّہٗ بِکُلِّ شَیْئٍ مُّحِیْطٌ**"(41 فصلت آیت 54)۔

اسی مطلب کو خدا نے بہت ہی عمدہ و بے مثال مثال سے سورۂ نور میں بتایا ہے جہاں فرمایا ہے " **اللہ نور السموات و الارض** یہ آیت، آیت نور مشہور ہے اور بڑے بڑے عالموں نے اس کی تفسیر کی ہے اور عجیب عجیب نکات بیان کئے ہیں جو حسب خیال ہمارے محسن کے نعوذ باللہ خدا کو بھی نہ سوجھے

ہوں گے۔ امام غزالی صاحب نے اس آیت کی خاص تفسیر بھی ہے جس کا نام "مشکواۃ الانوار" ہے۔

مگر اس آیت کا صاف مطلب یہ ہے کہ وجود تمام چیزوں کا ذاتِ باری پر منحصر ہے اور نور کی تمثیل سے اس کو سمجھایا ہے۔ قرآنِ مجید میں متعدد جگہ خدا نے اپنے آپ کو خالق کے لفظ سے تعبیر کیا ہے اور یہاں نور سے' نور کیا ہے؟ **مایظھر بہ الاشیاء** یعنی جس کے سبب سے تمام چیزیں معلوم ہوتی ہیں' اگر نور نہ ہو اور ظلمت محض ہو تو تمام چیزیں معلوم نہ ہوں جو بمنزلہ عدم یا نہ ہونے کے ہیں۔ پس جس طرح ظہورِ اشیاء کا نور کے ہونے پر منحصر ہے اسی طرح وجودِ موجودات کا ذاتِ باری پر مع اس کی صفات کے جو اس کی عین ذات ہیں منحصر ہے۔ پس اگر وہ معزول یا معطّل ہو تو تمام عالم معدوم ہو جائے اور ایک آن بھی اس کا وجود نہ رہے۔ پس یہ سمجھنا کہ قانونِ قدرت بنانے سے نعوذ باللہ خدا معطل یا معزول ہو جاتا ہے کس قدر نادانی ہے۔ **ھو الحی القیوم ای ھو المقوم بذاتہ والمقوم لکل ما سواہ فی ماھیتہ و وجودہ** (تفسیر کبیر) یعنی وہ اب قائم ہے اور قائم رکھنے والا ان تمام چیزوں کا ہے جو اس کے سوا ہیں۔ پس خدا کسی وقت بھی بے کار نہیں ہے۔

مقالاتِ سرسیّد سے ماخوذ

آپ کی یہ شکایت

بھی درست کہ رسالہ نہیں پہنچا یا وقت پر نہیں ملا

اور یہ بھی

کہ تعمیلِ ارشاد میں تاخیر ہوئی یا اس میں کوئی فروگذاشت ہوئی

لیکن

کیا آپ نے اس پر بھی غور فرمایا کہ آپ نے

1- تبدیلی پتہ کی بروقت اطلاع دی ہے یا نہیں۔
2- خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر لکھا ہے یا نہیں۔
3- زرِ شرکت ادا ہو رہا ہے یا نہیں۔
4- اپنے علاقے کے پوسٹ کوڈ کی اطلاع دی ہے یا نہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈاکٹر بشیر الحق- پشاور

اللہ - انسان اور ارض

ایک ایسی ہستی' جس کا تصوّر انسانی ذہن میں کسی بھی شکل میں نہیں آسکتا اور جو اس کائنات کی خالق بھی ہے' سے یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ اپنی عقل و شعور رکھنے والی مخلوق کے ساتھ ایسی زبان میں ہمکلام ہو جسے نہ وہ سمجھے' نہ سمجھ سکے- خاص طور پر جب عقل و شعور بھی اس ہستی کا دیا ہوا ہو- کرہ ارض پر اس وقت ہزاروں زبانیں بولی جاتی ہیں- یہ بات ہمارے تصور میں بھی نہیں آسکتی کہ خداوند تعالیٰ ان زبانوں میں سے صرف عربی زبان سمجھتا ہو گا اور دوسری کوئی زبان اس کی سمجھ میں نہ آتی ہو گی- ایسی بات ہرگز نہیں- وہ لوگ جو خدا کی ذات سے انکار کرتے ہیں اور اپنے انکار کے ثبوت میں ہزاروں دلائل دیتے ہیں' وہ بھی جب اسے پکارتے ہیں تو اپنی ہی زبان استعمال کرتے ہیں- اس لئے اللہ بھی انسان سے اسی زبان میں بات کرتا ہے جو وہ بخوبی سمجھ سکتا ہے- زبان کو سمجھنے کے لئے انسانوں نے اپنے ہاں ایک ایسا ذریعہ اختیار کر رکھا ہے جس پر سب انسان متفق ہیں- اس ذریعے کو عربی میں لغت اور انگریزی میں ڈکشنری کہتے ہیں- میں نے آج تک کسی انسان کو نہیں دیکھا جس نے کسی بھی لفظ کے معانی لغت یا ڈکشنری میں دیکھے ہوں اور اس کے معانی سے اختلاف کیا ہو- لفظ "اللہ" جسے ہم اپنی اصطلاح میں خدا بھی کہتے ہیں' کو ہی لیجئے- آیئے دیکھتے ہیں عربی لغت میں اس کا مطلب ہے-

لغوی طور پر **اَلِہَ' اِلَیْہِ' یَاْلَہُ** کے معنی ہیں گھبرا کر کسی کی پناہ ڈھونڈنا یا متحیر ہونا- اور **اَلَہَ یَاْلَہُ** کے معنی ہیں کسی کو پناہ دینا- امان میں لینا- اس اعتبار سے اِلٰہٗ کے معنی ہوں گے ایک ایسی ہستی جس سے خطرات میں پناہ حاصل کی جائے- جس کی عظمت و بلندی کے تصوّر سے انسان متحیر ہو جائے- بعض کا خیال ہے کہ یہ لفظ **لَاہَ یَلِیْہُ** سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں بلند مرتبہ ہونا اور نگاہوں سے پوشیدہ ہونا ہیں- بعض کہتے ہیں کہ **اَلَہَ** کے معنی ہیں- وہ person غلام بن گیا اور **اَلَّھَہٗ** کے معنی ہیں اس نے اسے غلام بنا لیا- اس اعتبار سے **اِلٰہٗ** کے معنی ایسی ہستی ہوں گے جس کا غلبہ و اقتدار تسلیم کیا جائے- جس کے قانون کی اطاعت کی جائے- جس کی محکومی اختیار کی جائے- **اِلٰہٗ** وہ جامع لفظ ہے جو اللہ کے ہر قسم کے تصوّر کو محیط ہے- قرآن نے ذاتِ خداوندی کے لئے "اللہ" کا لفظ استعمال کیا ہے- دراصل یہ لفظ ال- اِلٰہ کا مرکب ہے- کثرت استعمال سے اِلٰہ کا ھمزہ (الف) گر گیا اور لام- لام میں مدغم ہو گیا اس طرح ال- اِلٰہ سے "اللہ" بن گیا- اس اعتبار سے اللہ کے معنی ہوں گے- وہ خاص اِلٰہ جس کا تصور قرآن نے پیش کیا-

یوں تو اس دنیا میں ہر شے اس کی مخلوق ہے لیکن سب سے احسن اور خوبصورت مخلوق ہونے کا شرف انسان ہی کو حاصل ہے- جسے اختیار و ارادے

سے نواز کر اس سے اشرف المخلوقات بنایا ہے۔
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ۔
انسان کو میں نے سب سے خوبصورت سانچے میں ڈھالا ہے۔

اب لفظ ارض کو لیجئے۔ ارشادِ خداوندی ہے۔
لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ۔ 2/284
کائنات میں جو کچھ بھی ہے وہ اللہ کے لئے ہے۔ یعنی زمین و آسمان کی ملکیت اللہ کی ٹھہری۔

یہاں غور کا مقام ہے کہ اللہ مالک اور زمین و آسمان اس کی ملک۔ انسان کا اس میں ذکر ہی نہیں۔ انسان کو اختیار دیا' ارادہ دیا' عظمت دی' اقتدار دیا لیکن سب کچھ عطا کرنے کے باوجود کچھ نہیں دیا تو وہ "حق ملکیت" ہے۔ جو اس نے اپنے پاس رکھا۔ یہی وہ محرومی تھی جو حضرت انسان کو ایک آنکھ نہ بھائی۔ چپکے چپکے اس نے زمین پر لکیر کھینچی اور اس کا مالک بن بیٹھا۔ پھر کیا تھا انسانی خون بہتا رہا۔ لکیریں پھیلتی اور سکڑتی رہیں۔ مفاد پرستوں نے اس کے حق میں وہ وہ دلائل تراشے کہ الامان والحفیظ۔ مجوسیوں نے اس کے لئے تقدیر کا عقیدہ وضع کیا۔ پنڈت نے اسے ورنوں کی تقسیم بتایا۔ ملا نے اللہ کی مرضی کہہ کر' اس کے خلاف صدائے احتجاج کی گنجائش ہی نہ رہنے دی۔ اقبال محوِ حیرت ہے کہ

رنج بے گنج است' تقدیر ایں چنیں
گنج بے رنج است' تقدیر ایں چنیں

یہ کیسی تقدیر ہے کہ ایک کے پاس کسی تکلیف کے بغیر خزانہ اور دوسرے کے پاس خزانے کے بغیر تکلیف۔

اصلِ دیں ایں است اگر اے بے خبر
می شود محتاج از محتاج ترا

اے بے خبر اگر دین کی اصل یہی ہے تو اس سے تو محتاج اور زیادہ محتاج ہوتا چلا جائیگا۔

وائے آں دینے کہ خواب آرد ترا
باز در خواب گراں دارد ترا

ایسے دین پر تو افسوس ہے جو تجھے سلا دے اور اس کے بعد تیری نیند میں اور زیادہ غفلت پیدا ہو جائے۔

باطن الارض للہ ظاہر است
ہر کہ ایں ظاہر نہ بیند کافر است

الارض للہ۔ زمین اللہ کی ہے کا مطلب واضح ہے جو شخص اس عیاں حقیقت کو نہیں دیکھتا وہ مسلمان نہیں کافر ہے۔

حق زمین را جز متاع ما بگفت
این متاع بے بہا مفت است مفت

اللہ نے زمین کو صرف متاع کہا ہے۔
وَلَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّ مَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ ○
یہ متاع بھی تو اس نے مفت دے رکھی ہے۔ جس چیز سے کوئی فائدہ حاصل کیا جائے اسے متاع کہتے ہیں۔ فائدہ اٹھانے سے وہ چیز ملکیت نہیں بن جاتی۔

دہ خدایا نکتہ از من پذیر
رزق و گور از وے بگیر او را گیر

اے جاگیردار! مجھ سے یہ نکتہ سمجھ لے۔ زمین سے اپنا رزق اور قبر حاصل کر' زمین کو اپنی ملکیت نہ بنا۔

رزقِ خود را از زمین بردن روا است
ایں متاعِ بندہ و ملکِ خدا است

زمین سے اپنی روزی حاصل کرنا تو ٹھیک ہے۔ لیکن زمین انسان کی صرف متاع ہے۔ ملکیت یہ خدا کی ہے۔

ارشادِ خداوندی ہے۔ **لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ**۔
زمین اور آسمانوں میں یعنی کائنات میں جو کچھ ہے وہ اللہ کے لئے ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قند مکرر
محترمہ ثریا عندلیب

حقوق یا فرائض؟

حقوق و فرائض کی بحث بڑی پرانی چلی آرہی ہے کس کے حقوق؟ کس کے فرائض؟ اس کا تصفیہ نہیں ہو پاتا۔ فرائض کی بات تو بہت کم ہوتی ہے۔ نعرے حقوق کے لئے لگائے جاتے ہیں۔ مرد اپنے حقوق کا ڈھنڈورا پیٹتے ہیں تو عورتیں اپنے حقوق کے لئے فریاد کرتی نظر آتی ہیں۔ والدین اپنے حقوق نہ ملنے پر شکوہ کناں رہتے ہیں تو اولاد اپنے حقوق کی خاطر شعلہ بداماں ہو رہی ہے۔ اسی طرح عزیز و اقارب اپنے حقوق کے لئے جھپٹا جھپٹی کر رہے ہیں تو پڑوسی اپنے حقوق کی حفاظت میں مرنے مارنے پر تلے ہیں۔

غرضیکہ سب طرف سب کو اپنے اپنے حقوق کی فکر کھائے چلی جا رہی ہے۔ فرائض پر کسی کی نظریں نہیں جاتی۔ فرائض کی بجا آوری کے بغیر حقوق برآری ہو تو کیسے؟ فرائض کی طرف سے آنکھیں بند کرنے کا نتیجہ حقوق سے محروم رہ جانے کے سوا ہو نہیں سکتا۔ حقوق کی جنگ فرائض کے ہتھیاروں سے لڑی جاتی ہے۔ نعرے بازی سے نہیں۔ کبھی ہم نے اس نکتہ پر غور کیا؟ اگر کرتے تو معاشرے کو حق تلفیوں کے زخموں سے بچا لیتے۔ اس کے علاوہ ہمارے ہاں اللہ کے حقوق اور بندوں کے حقوق میں تفریق و امتیاز کا بھی چرچا بہت ہوتا ہے۔ مگر یہ کوئی نہیں کہتا کہ انسان بطور انسان حقوق رکھتا ہے اور خالق کائنات نے ہر انسان پر دوسرے انسان کے حقوق لازم ٹھہرائے ہیں۔ اگر ان حقوق کو سمجھ لیا جائے تو انسانی معاشرہ میں نہ کوئی اپنے فرائض سے غافل ہو سکتا ہے نہ کسی کی حق تلفی کر سکتا ہے اور حق تعالیٰ کا عطا کردہ یہ اصول بھی اس کے بندوں کے سامنے رہنا چاہئے کہ اس (اللہ) کے حقوق کی ادائیگی انسانوں کے حقوق کی ادائیگی کے ساتھ ہی وابستہ ہے۔ قرآن کریم میں انسانوں کے حقوق کا ذکر کیا گیا ہے۔

حقوق اللہ کے تعلق سے پیارے قرآن میں سورہ انعام میں صرف ایک مقام پر یہ کہا گیا ہے کہ **وَ اٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ** "اور جب فصل کاٹو تو اس میں سے اس (اللہ) کا حق بھی دے دیا کرو" ظاہر ہے کہ یہ بھی درحقیقت محتاجوں کا ہی حق ہے۔ جسے اس انداز سے بیان کیا گیا ہے۔ جیسا کہ سورۃ الذّٰریت اور سورۃ المعارج میں۔ مومنین کی کمائی میں ہر اس شخص کا حق معلوم بتایا گیا ہے جس کے پاس اپنی ضرورت سے کم ہو یا جو بالکل کما سکنے کے قابل نہ ہو' **حق للسائل و المحروم**۔ انسانی حقوق (فرائض پر جب ہم بصیرت کی نگاہ ڈالتے ہیں تو پوری انسانی زندگی فرائض کی بجا آوری اور حقوق کی ادائیگی کی ایک مکمل تصویر نظر آتی ہے۔ یہ ایک ایسا مسلسل عمل ہے جو کسی نہ کسی صورت میں ہمہ وقت جاری و ساری رہنے کا متقاضی ہے جہاں اس میں تعطل پیدا ہوا' انسان مقام انسانیت پر کھڑا نہ رہ سکا۔ نوعِ انسانی کی تمدنی زندگی کا تمام تر انحصار اسی امر پر موقوف ہے کہ معاملاتِ زندگی میں انسان کیونکر ایک دوسرے کے معاون و مددگار بنتے اور ایک دوسرے کے حقوق ادا کرتے ہیں۔

قرآنِ حکیم میں مجموعی طور پر انسانوں کے حقوق کا ذکر مختلف مقامات پر معاشرتی تعلقات کے حوالے سے آیا ہے اور وضاحت سے بتایا گیا ہے کہ افرادِ معاشرہ کی مختلف حیثیتوں میں ان کے لئے حقوق و فرائض کی نوعیت کیا ہے۔ کس کس کے فرائض کس کس کے حقوق بنتے ہیں۔

چونکہ معاشرہ کی ابتدا گھر سے ہوتی ہے۔ اس لئے انسانی حقوق و فرائض کا سلسلہ بھی گھروں سے شروع ہوتا ہے۔ اسی لحاظ سے قرآنِ کریم نے میاں۔ بیوی۔ والدین۔ اولاد۔ بہن بھائی اور عزیز و اقارب کے آپس کے حقوق و فرائض کی ادائیگی

کو پہلے درجہ پر رکھا ہے۔ اور جگہ جگہ اس کی تاکید کی ہے اور ہدایات عطا فرمائی ہیں۔ میاں بیوی کے تعلق سے قرآن کریم نے مرد عورت کے حقوق میں کوئی تخصیص روا نہیں رکھی۔ فرمان ربی ہے۔ **لَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ** "مردوں کے ذمہ عورتوں کے ویسے ہی حقوق ہیں جیسے عورتوں کے ذمے مردوں کے حقوق ہوتے ہیں۔ جانے پہچانے طریقہ پر۔"

اس میں معاشی، معاشرتی، سماجی، اخلاقی تمام قسم کے حقوق شامل ہیں۔ اولاد اور والدین کے درمیان حقوق و فرائض کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اولاد کی صلاحیتوں کو نہایت غور و پرداخت سے پروان چڑھانا ان کی صحیح تعلیم و تربیت کرنا ماں باپ کا فریضہ ہے۔ ان کی جسمانی تربیت بھی اور علمی و اخلاقی تربیت بھی۔ دراصل نسل انسانی کے حقوق کی ابتدا تو اسی دن سے شروع ہو جاتی ہے جب انسانی بچہ اس دنیا میں آنکھیں کھولتا ہے اور آغوشِ مادر میں حفاظت و راحت پاتا ہے۔ ایک ماں جو اپنے بچے کو پالتی ہے چوبیس گھنٹے اس کی دیکھ بھال میں مصروف رہتی ہے اور بغیر چون وچرا اپنی جان پر سختیاں اور تکلیفیں برداشت کر کے بچے کے جسم و جان کی پرورش اور نگہداشت کرتی ہے۔ تو دراصل وہ انسانیت کا سب سے بڑا حق ادا کر کے بندوں کے حقوق ادا کرنے کی بنیاد رکھتی ہے۔ ماں اپنے بچے کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ آگے چل کر ان لوگوں کے حقوق ادا کر سکے۔ جن سے ان کا واسطہ پڑتا ہے۔ جب اولاد بالغ و باشعور ہو کر اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کی اہل ہو جاتی ہے تو اس کے فرائض والدین کے حقوق بن جاتے ہیں۔ اور ہم جانتے ہیں۔ کہ کتابِ مبین قرآنِ حکیم میں والدین کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنے کا حکم بار بار آیا ہے۔ سورۂ بنی اسرائیل کی 23 ویں آیت میں بتایا گیا ہے کہ پروردگار نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ تم اس کے سوا کسی ہستی کی اطاعت و فرماں پذیری اختیار نہ کرو۔ اور اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرتے رہو۔ دوسری جگہ اللہ کا فرمان ہے کہ ہم نے تمہیں والدین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنے کا حکم دیا ہے۔ اس سلسلے کی تمام آیات قرآنی سے اولاد کے والدین کے حسنِ سلوک کی اہمیت واضح ہے۔ والدین کا یہ وہ حق ہے جس سے روگردانی کرنے کا اولاد حق نہیں رکھتی اور یہ بات بھی پیشِ نظر رہنی چاہئے کہ حسنِ سلوک سے مراد روپیہ پیسہ سے مدد کر دینا ہی نہیں بلکہ یہ بھی کہ بڑھاپے کی وجہ سے جتنی کمی والدین میں آتی جا رہی ہو اس کو اولاد اپنی محنت اور توجہ سے پورا کرتی جائے تاکہ ان کی زندگی متوازن ہونے سے نہ رہ جائے۔ اس کا حسن ختم نہ ہو جائے۔ والدین سے عزت و احترام سے پیش آنا۔ ان سے کسی حالت میں بھی درشت کلامی نہ کرنا۔ ان کی خدمت کرنا یہ سب وہ حقوق ہیں جو حسن و سلوک سے متعلق ہیں اور اولاد کی ذمہ داری ہیں۔ اسی طرح بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے معاملے میں عدل و انصاف اور محبت و احسان کو ملحوظ رکھ کر ان کے حقوق پورے پورے ادا کرنے کا ہر فرد معاشرہ کو مکلف ٹھہرایا ہے۔ لیکن حقوق و فرائض کا سلسلہ گھر والوں اور عزیزوں تک ہی ختم نہیں ہو جاتا۔ ہمارا دین، ہمارا نظام اور ہمارا ضابطۂ حیات قرآنِ کریم گھروں پر توجہ دلانے کے بعد گھروں کی دیواروں کو پیچھے سرکا کر ہمیں پورے معاشرے میں داخل کرتا ہے اور ہمسایوں سے شروع کر کے معاشرے میں تنہا رہ جانے والوں۔ ضرورت مندوں۔ مسکینوں۔ مسافروں سب کے حقوق پورے کرنا۔ اللہ پر ایمان رکھنے والوں کی ذمہ داری قرار دیتا ہے۔ ان کے حقوق پورے کرنا اور ان کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کے قابل بنانا ان لوگوں کے فرائض میں داخل ہے۔ جو مال و دولت اپنی جائز ضروریات سے زیادہ رکھتے ہوں اور عقلِ جہاں بیں سے کام لیتے ہوں۔

یتیموں اور سائلوں کے متعلق قرآن کریم کی ہدایت یہ ہے کہ معاشرے میں بے یارو مددگار اور تنہا رہ جانے والوں کو دباؤ اور دھتکارو نہیں اور نہ ہی کسی ضرورت مند سائل کے ساتھ حقارت آمیز سلوک کرو۔ سائل کے متعلق سورۂ بقرہ میں بتایا گیا ہے کہ وہ تو اپنے چہروں سے پہچانے جاتے ہیں۔ وہ منہ سے کچھ مانگتے نہیں۔ وہ لپٹ لپٹ کر مانگنے والے گداگر نہیں ہوتے۔ ایسے پیشہ ور بھیک منگے قرآن پاک کے بتائے ہوئے سائلوں کی شق میں نہیں آتے۔ سائل سے مراد مجبور ضرورت مند ہیں۔ جنہیں خیرات کے طور پر نہیں دیا جاتا بلکہ یہ ان کا حق ہوتا ہے۔ سوچنے کا مقام یہ ہے کہ ہم داعیانِ دینِ اسلام نے کیا اپنی عملی دنیا میں وہ قرآنی روش اختیار کر رکھی ہے جس میں مال و دولت کی محبت کے باوجود اسے دوسروں کی پرورش کے لئے عام کر دینا لازم ہوتا ہے۔ جو معاشرہ میں لاوارث اور

بے بس رہ جانے والے لوگوں کے لئے اپنی دولت وقف کر دینے کی تاکید کرتی ہے اور یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جن کا چلتا ہوا کاروبار رک جاتا ہے۔ یا ان میں کام کاج کرنے کی استعداد باقی نہیں رہتی۔ یا جن کی کمائی ان کی ضروریات کے لئے کافی نہیں ہوتی۔ جب انسان اپنے یہ فرائض پورے کرتے ہیں تو حقوق خود بخود پورے ہو جاتے ہیں اور اللہ کے بندوں کے حقوق کا خیال رکھنے والے اللہ کے بندوں کی کیفیت تو یہ ہوتی ہے۔ کہ **يُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ** یعنی وہ ہمیشہ دوسروں کی ضروریات کو اپنی ضروریات پر ترجیح دیتے ہیں۔ خواہ انہیں خود تنگی سے ہی گزارا کیوں نہ کرنا پڑے۔"

یہ قرآن کا عطا کردہ وہ اصل الاصول ہے جو انسان کو مقامِ مومن عطا کرتا ہے اور جس سے انسانیت کی نشوونما بلا روک ٹوک ہوتی چلی جاتی ہے۔ مگر کیا ہمارے ہاں ایسا ہو رہا ہے؟ کیا ہم خود بھوکے رہ کر کسی بھوکے کا پیٹ بھرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں؟ یہ سوال ہم سے جواب چاہتا ہے۔ اگر ہم سچ بول سکیں تو اس کے سوا کچھ نہیں کہہ سکتے کہ فرائض سے لاتعلق رہ کر حقوق پر شب خون مارتے رہنا ہمارا مقصودِ حیات بن چکا ہے۔ پھر معاشرہ نفسا نفسی کا شکار کیوں نہ ہو !! بلا شک و شبہ خدا تعالیٰ کی اس سرزمین میں فتنہ و فساد اور ظلم و انتشار اسی وقت پھیلتا ہے جب مرد و زن کے ایک طبقہ کے سر پر مفادِ خویش کا بھوت سوار ہو جاتا ہے۔ اور ان میں سے ہر ایک زیادہ سے زیادہ اپنے لئے سمیٹ لینا چاہتا ہے۔ اس کے لئے وہ ہر جتن کرتا ہے اور اسے اس کی قطعی پرواہ نہیں ہوتی کہ اس کے اس طرزِ عمل سے کتنے زیر دست مزید پستے چلے جاتے ہیں۔ خود غرضی اور مفاد پرستی کا یہ انسانیت سوز رویہ دوسرے انسانوں سے ان کے حقوق چھین لیتا ہے۔ اپنے معاشرے میں ہم یہ سب کچھ ہوتا دیکھتے ہیں۔ مگر اس طرح دیکھتے ہیں گویا کچھ نہیں دیکھا۔ برعکس اس کے ہمیں معلوم ہونا چاہئے کہ ایک قرآنی معاشرہ میں اس مفاد پرست ذہنیت کی کوئی گنجائش نہیں۔ قرآنِ حکیم ایسی ذہنیت پیدا کرنا چاہتا ہے جس میں ہر فرد دوسرے افرادِ معاشرہ کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لئے اپنی کوششوں کے ماحصل کو کھلا رکھے۔ اور یہ جان لے کہ افرادِ معاشرہ اعضائے انسانی کی طرح ہوتے ہیں۔ اور ایک عضو اس وقت تک پوری پوری نشوونما حاصل ہی نہیں کر سکتا۔ جب تک دیگر اعضاء بھی پوری پوری نشوونما نہ پا رہے ہوں۔ قرآنی اصول و اقدار کی روشنی میں حقوق و فرائض کی ادائیگی کا تدریجی سفر بالآخر اس منزلِ مقصود تک لے جاتا ہے۔ جہاں ہر شخص دوسرے شخص کا حق بہ طیبِ خاطر ادا کرتا ہے اور یوں معاشرہ تمام افرادِ معاشرہ کی ذمہ داریاں اٹھا لیتا ہے۔ پھر کوئی فرد کسی دوسرے فرد کا محتاج نہیں رہتا۔ لیکن اگر ہم نے حقوق کے نعرے لگاتے ہوئے فرائض کو بھلائے رکھا تو انسانوں کے ہاتھوں انسانوں کی حق تلفی کا سلسلہ کبھی ختم نہیں ہو گا۔ نہ ہی مغفرت ملے گی۔ وہ معاشرہ کبھی ترقی و سرفرازی حاصل نہیں کر سکتا جہاں حقوق و فرائض کی تقسیم اس طرح ہو کہ فرائض اور ذمہ داریاں تو ایک طبقہ پر لاد دی جائیں اور حقوق سارے کے سارے دوسرا طبقہ اپنی جھولی میں بھر لے۔ معاشرہ وہی پھل پھول سکتا ہے جہاں حقوق و فرائض شانہ بشانہ چلتے ہیں۔ جہاں یہ جھگڑا نہیں ہوتا کہ یہ حقوق میرے ہیں اور یہ فرائض تیرے۔ یہ معاشرہ قرآنی معاشرہ ہوتا ہے۔ جہاں ہر شخص اپنے فرائض ادا کرتا ہے اور ہر شخص کو اس کے حقوق ملتے ہیں۔ کیا ہم پر یہ ذمہ داری عائد نہیں ہوتی؟

سوچئے!

اگر امروز تو تصویرِ دوش است
بخاکِ تو شرارِ زندگی نیست

اقبالؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مصطفیٰ شان- ناروے

رزق کی تقسیم

رزق کی تقسیم کا خدائی نظام سمجھنے کے لئے اپنے ہاں کا عسکری نظام نگاہوں کے سامنے لایئے- فوج میں جب بھی کوئی نئی رجمنٹ وجود میں لانا مقصود ہوتی ہے تو اس حکم کی ایک نقل اس محکمے کو بھی ارسال کر دی جاتی ہے جو راشن سپلائی کرتا ہے- فوج کے ہر سپاہی کے لئے راشن کی قسم اور مقدار پہلے سے متعین ہوتی ہے- نظام کی خوبی یہ ہے کہ جونہی ایک فوجی بھرتی ہو کر یونٹ میں قدم رکھتا ہے اس کے حصے کا رزق وہاں پہلے سے موجود ہوتا ہے- یہ کبھی نہیں ہوا کہ کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ عہدے کا فوجی بھی رات کو بھوکا سویا ہو- یہاں اگر کوئی فوجی بھوکا رہا یا اس کے حصے کا راشن پوری مقدار میں اس تک نہیں پہنچا تو قصور فوج کا نہیں- قصور ان کارکنوں کا ہے جو ان جوانوں تک راشن پہنچانے یا تقسیم کرنے کے ذمہ دار ہیں-

انسانوں کی دنیا میں قدم رکھیں تو نظر آتا ہے کہ قدرت کسی انسانی بچے کو اس وقت تک وجود میں نہیں لاتی جب تک اس کی ضرورت کا رزق اس زمین پر فراہم نہ کر دیا گیا ہو اب اگر کوئی ماں اپنی چھاتیوں کا حسن برقرار رکھنے کے لئے یا معاشرہ بددیانتی سے اس کے حصے کا دودھ ہڑپ کر جاتا ہے تو قصور ماں کا ہے یا معاشرے کا نہ کہ نومولود کے نصیب کا-

بات واضح ہو گئی کہ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہر فرد کے حصے کا رزق اس تک صحیح صحیح مقدار میں پہنچے تو اس کے لئے ایسا نظام وضع کرنا ہو گا کہ کوئی فرد کسی دوسرے فرد کے حصے کا رزق ہڑپ نہ کر پائے- اس نظام کا خاکہ خالق کائنات نے اپنی کتاب عظیم میں دیا ہے-تقسیم رزق کے قرآنی نظام کا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ ذرائع رزق افراد کی نجی تحویل میں اس طرح ہوں کہ کوئی ان پر بند نہ باندھ سکے اور اس حقیقت پر سب کا یکساں ایمان ہو کہ انسانی جسم کے لئے رزق اتنا ہی سود مند ہے جتنا اس جسم کی ضروریات کا کفیل ہے- اپنے حصے سے زیادہ لیا ہوا رزق نہ جسم کے لئے مفید ہے نہ روح کے لئے سود مند- دوسروں کا نوالہ چھیننے کے لئے انسان آزاد ضرور ہے لیکن اس وقت کا خوف اس پر ہر آن طاری رہنا چاہئے کہ خالقِ کائنات صریح الحساب ہے اور اس ایک نوالے کا حساب اسے بہرحال دینا ہو گا-

حیرت اس بات پر ہے کہ ہمارے ہر گھر میں رزق کی تقسیم کا جو نظام رائج ہے' وہ قرآنی تعلیمات کے قریب ہے- یعنی گھر کا ہر فرد اپنی استطاعت کے مطابق کام کرتا ہے اور اپنی ضرورت کے مطابق لیتا ہے- بلکہ ہوتا یوں ہے کہ گھر میں کمانے والا (کفیل) اکثر اپنی ضرورت سے بھی کم لیتا ہے- جب کہا جاتا ہے کہ یہی نظام معاشرے میں رائج کر دیجئے تو جواب ملتا ہے یہ تو کیمونزم ہے- حالانکہ گھر معاشرے ہی کی سمٹی ہوئی شکل کا نام ہے- گھر کی دیواریں گرا دی جائیں تو معاشرہ بن جاتا ہے- سوال یہ ہے کہ جو نظام گھر کے اندر اسلامی ہے وہ معاشرے میں کس طرح کیمونزم بن جاتا ہے-

بھوک حیوان بھی مٹاتا ہے مگر اس طرح کہ جب اس کا اپنا پیٹ بھر جائے تو اسے پرواہ نہیں ہوتی کہ بچا ہوا کھانا کون کھاتا ہے- رزق کی تقسیم کو متوازن بنایا جا سکتا ہے- بھوک مٹ سکتی ہے مگر اس کے لئے ہر فرد کو پابند کرنا ہو گا کہ وہ دوسروں کے حصے کا رزق' دوسروں کے لئے چھوڑ دے- کاش ہم حیوانوں سے ہی سبق سیکھ لیتے-

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈاکٹر صلاح الدین اکبر

حکمرانوں کی شاہ خرچیاں

وٹو صاحب رخصت ہوئے' نئی حکومت بن رہی ہے' نئے وزیر عنان اقتدار سنبھال لیں گے' جب کبھی کوئی نئی وزارت بنتی ہے' مجھے ایک پرانی بات یاد آجاتی ہے--- گواہ ٹھہراتا ہوں اس بات کا جناب محمد حنیف رامے صاحب کو جو اب پنجاب اسمبلی کے سپیکر ہیں اور اس وقت وہ پنجاب کی پہلی پیپلز پارٹی کی حکومت کے وزیر خزانہ تھے' امید ہے وہ بھولے نہ ہوں گے' ان دنوں وہ سندر داس روڈ والے فلیٹ میں راجہ غالب احمد صاحب کے ساتھ رہا کرتے تھے۔

میرے ساتھ میرے دوست ڈاکٹر صفدر بخاری تھے' ہم نے ان سے کہا کہ ہم دو ایک گزارشات آپ تک پہنچانے آئے ہیں۔

سب سے پہلی بات جو ہم نے ان سے کہی--- (باقی کی باتیں اب غیر متعلقہ ہیں اس لئے ان کا ذکر نہیں کروں گا۔)

ہم نے ملک کے دو لخت ہونے کا ذکر کیا' کہا ہم پہلے ہی غریب ملک تھے۔ اب زیادہ ہی مجبور ہو گئے ہیں۔ اب ہمیں تعمیرِ نو کرنی ہے' کمر ہمت کسنی ہو گی' اخراجات کم کرنے ہوں گے' دو وقت کی بجائے ایک وقت کی کھانی پڑے ہم تیار ہیں-- ہم نے تجویز دی کہ ملک میں پہناوے کے لئے ایک ایسا کپڑا تیار کیا جائے جو سب پہن سکیں۔ غریب بھی وہی پہنے' امیر بھی وہی' کلرک بھی' افسر بھی' انسان کپڑے سے نہ پہچانا جائے' اپنے کام سے پہچانا جائے' وردی سب کی ایک ہو' رینک کے نشان مختلف ہو سکتے ہیں۔ مثال ہم نے چین والوں کی دی' ابھی ماؤزے تنگ اور چو این لائی زندہ تھے۔ ان کا پہناوا' ان کا رہن سہن دیکھ لیں' ہم نے یہاں ان کے وفد آتے دیکھے ہیں۔ وہی نیلی سی پتلون' وہی ماؤ کالر والا کوٹ اور کینوس کے جوتے--- ہمارے ہاں سرکاری رہائش گاہوں میں جب کبھی نئے وزیر آتے ہیں تزئین و آرائش کا اہتمام کیا جاتا ہے' فرنیچر بدلا جاتا ہے' نئے قالین بچھتے ہیں' نئے پردے لٹکائے جاتے ہیں' نئی کراکری آتی ہے' کیا پرانے وزیر یہ چیزیں ساتھ لے جاتے ہیں یا ہر دفعہ نئے آنے والے وزراء پہلے والوں سے اتنے زیادہ بلند ذوق اعلیٰ تر مخلوق ہوتے ہیں کہ پہلے والے پردے' قالین' فرنیچر' کراکری ان کے شایانِ شان نہیں ہوتی--- پھر نئی گاڑیاں بھی آتی ہیں-- کیا پرانی والی گاڑیاں یکسر بیکار ہو چکی ہوتی ہیں-- آپ عوامی جماعت کے لوگ نئی مثال کیوں قائم نہیں کر سکتے۔

انہوں نے ہماری باتیں روایتی صبر و تحمل سے سنیں' اس زمانے میں کچھ فضا میں بے تکلفی بھی تھی وہ بھی عوام میں سے یعنی "ہمارا ساتھ" تھے اس لئے وزارتی ہمدردانہ غور کی فضا قائم نہ ہونے دی۔ سوال و جواب بھی ہوئے' ہلکی پھلکی بحث بھی ہوئی۔

انہوں نے فرمایا اور قائدِ عوام کے حوالے سے کہ قوم پہلے ہی افسردہ ہے' اس قسم کی بندشوں

سے مایوسی بڑھ سکتی ہے' مورال پہ اثر ہو سکتا ہے' قوم احساسِ کمتری کا شکار ہو سکتی ہے۔ ہم نے کہا کہ چینیوں کو تو ہم نے کبھی جھینپتے ہوئے' اپنی ہیئت کذائی پر شرمندہ ہوتے نہیں دیکھا' وہ تو روس اور امریکہ والوں سے اسی طرح آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر سامنا کرتے ہیں۔

ملاقات ختم ہوئی بات آئی گئی ہو گئی' اس کے بعد جو کچھ ہوا ساری قوم اس کی گواہ ہے۔

قوم نے تو یہ بھی دیکھا کہ جنہوں نے یہ دعوے کئے کہ وہ حجروں (خواتین والے حجرے نہیں مساجد کے حجرے) میں بیٹھ کر انصاف کریں گے ایئرکنڈیشنڈ مرسڈیز مہیا کرنے پر اصرار کرتے رہے۔

جب بھی حکومت بدلتی ہے' نئی وزارت بنتی ہے' نئے وزیر آتے ہیں یہی داستان دہرائی جاتی ہے۔

اب جو لوگ پرانے وزیراعلیٰ کی شاہ خرچیوں کی تفاصیل سنا رہے ہیں کل کو جب وہ ان محلوں میں بسیں گے یہی قصہ دہرایا جائے گا' نئے پردے' نئے قالین' نیا فرنیچر' نئی کراکری' نئی گاڑیاں------

اور پھر جب یہ رختِ سفر باندھیں گے---

یہی الزامات سننے میں آئیں گے-- اللہ نہ کرے۔

اُس زمانے میں تو اپنی کچھ رسائی تھی' اب تو غریب شہری کی بات ایوان ہائے شاہی تک پہنچتی ہی کب ہے' دل کی بات دل ہی میں رہ جاتی ہے---

اب تو سب پڑھے لکھے' دانشور' صحافی سبھی پہ شو- دکھاوے اور امارت کا بھوت سوار ہے' رسالے' اخبار' ملبوسات کی رنگینی' بوتیکوں کی نیرنگی کے بل پر دامانِ باغباں و کفِ گل فروش کا نقشہ پیش کرتے ہیں' ماڈلنگ' فیشن شوز کے بھیس میں اجسام کے دل آویز خطوط اور زلف و گیسو کے پیچ و خم کی نمائش اور تشہیر کے لئے وقف ہو چکے ہیں_اخبارات اور رسائل ہی نہیں' ٹی وی سمیت سارے ذرائع ابلاغ اسی چکر میں ہیں۔ بہانہ ڈش کا اور نیتیں اپنی خراب۔ دراصل اپنی تو کوئی اقدار رہی نہیں' موسیقی ہے تو نری نقالی' ڈرامے ہیں تو اس شان و شوکت کے پس منظر کے ساتھ' ایسے ایسے ایوان' ایسے ایسے ڈرائنگ روم اور لوازمات کہ عقل دنگ رہ جائے۔ بجا کہ یہ پاکستان ہی کی فضا ہے مگر کتنے فیصد کی نمائندہ۔ اس چکر میں Have-Nots محروم طبقوں میں جو اُلجھن' ناآسودگی' بے چینی' بے اطمینانی اندر ہی اندر بڑھتی جا رہی ہے۔ لاوا مختلف صورتوں میں پھٹ رہا ہے' یہ چوریاں' یہ ڈاکے' یہ جرائم کی بڑھتی ہوئی رفتار' اخلاقی قدروں کی پامالی ایک طرف معاشرے کو کس تنزل اور دوسری طرف کس تصادم کی طرف لے جا رہی ہے یہ سوچنا' یہ ذمہ داری کسی کی تو ہونی چاہئے۔ یہ سب یونہی رہا تو اس کا انجام کیا ہو گا' یہ جاننے کے لئے کسی بقراط کی عقل کی ضرورت نہیں ایسے میں کسی کو سادگی کی تلقین کرنا پاگل پن ہی کہا جائے گا۔

(بشکریہ روزنامہ جنگ 28 ستمبر 95ء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقد و نظر

نام کتاب :- Phenomena of Nature and The Quran

مصنف :- ڈاکٹر سید عبدالودود

ایڈیشن :- دوم- صفحات 302

پبلشرز :- خالد پبلشرز

قیمت :- 345 روپے

ملنے کا پتہ :- طلوع اسلام ٹرسٹ
25 بی گلبرگ 2 لاہور

الحمد للہ کہ ڈاکٹر سید عبدالودود صاحب کی کتاب Phenomena of nature and The Quran جو برسوں سے نایاب تھی اور جس کی بہت مانگ تھی' کا دوسرا edition چھپ کر منظر عام پر آچکا ہے- اس کتاب کا پہلا ایڈیشن نومبر 1971ء میں شائع ہوا تھا اور درجنوں کے حساب سے اس پر انگریزی زبان میں تبصرے موصول ہوئے تھے- جن میں

Prof. Phillips Hitti of Princeton University

جیسے شہرہ آفاق Orientalist کا تبصرہ بھی شامل تھا-

اردو زبان میں ایک تبصرہ ماہنامہ حکایت نے شائع کیا تھا اور دوسرا محترم پرویز مرحوم کی طرف سے فروری 1972ء کے ماہنامہ طلوع اسلام میں آیا تھا جس کا عنوان تھا "قرآنی کو بکن کی جوئے شیر" بقول پرویزؒ صاحب "جوئے شیر" سے جہاں کتاب کا حسن نکھر کر سامنے آجاتا ہے- "قرآنی کو بکن" سے صاحب کتاب کا برجستہ تعارف ہو جاتا ہے- چونکہ محترم پرویز صاحب سے بہتر تحریر ہمارے بس کی بات نہیں- اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کا تبصرہ من و عن شائع کر دیا جائے جو کہ مندرجہ ذیل ہے-

"میں نے' کراچی سے لاہور منتقل ہونے کے بعد' 1958ء میں درس قرآن کریم کا سلسلہ شروع کیا- شرکائے محفل دیکھتے تھے کہ درس میں ایک صاحب نہایت التزام سے' وقت کی پابندی کے ساتھ' بلاناغہ شریک ہوتے ہیں- کشیدہ قامت' کشادہ جبیں' عقابی آنکھ' رعنائی پیکر' چال جیسے کڑی کمان کا تیر' قدموں کے توازن میں سپاہیانہ انداز- تنو مند و توانا- اگر سر کے بالوں کی سفیدی غماز نہ ہو تو کوئی ان کی عمر کا صحیح صحیح اندازہ نہ کر سکے- چہرہ بشرہ تمکنت و جلال کا آئینہ دار- گفتار و اطوار نجابت و شرافت کے مظہر- وہ ٹھیک وقت پر آتے اور نپے تلے قدم اٹھاتے سیدھے اپنی مخصوص نشست تک جا پہنچتے- وہ نشست مخصوص صرف ان معانی میں تھی کہ ان کی کرسی کے سامنے ایک ڈسک رکھا ہوتا- وہ اطمینان سے کرسی پر بیٹھتے- قرآن کریم کا نسخہ اور کاغذوں کا پیڈ ڈسک پر رکھتے- چشمہ صاف کر کے ناک پر ٹکاتے' اور پھر کامل ڈیڑھ گھنٹہ تک یہ کیفیت کہ کان انتہائی جذب و انہماک سے درس کے الفاظ پر اور ہاتھ لکھنے میں مصروف- درس ختم ہونے پر احباب سے نہایت خندہ پیشانی اور تبسم شیریں سے ملتے- مصافحہ کرتے تو ان کے ہاتھ کی گرفت اور حرارت'

ان کے قلبی تپاک اور خلوص محبت کی گرمجوشی کی مقیاس بن جاتی۔ کامل دس برس تک ان کا یہی معمول رہا۔ باقی اوقات میں وہ اپنے کام سے کام رکھتے۔ معاشرہ کے عام ہنگاموں سے دُور، شور و شغب سے مجتنب، کم آمیز اور رسوم و تقاریب سے بالعموم گریزاں۔ لیکن جب درس کا سلسلہ نصف القرآن تک پہنچا تو انہوں نے نہایت ذوق و شوق سے اس کا جشن منانے کا اہتمام کیا اور دس سال کے بعد جب (1968ء میں) درس کا پہلا دور اختتام پذیر ہوا تو انہوں نے جس جوش و خروش اور خلوص و محبت سے اس تقریب کا اہتمام کیا وہ قرآنِ کریم کے ساتھ ان کی والہانہ شیفتگی کا حسین پرتو تھا۔

اس کے بعد جب درس کے دورِ نَو کا آغاز ہوا تو ان کی وہ مخصوص نشست خالی رہنے لگی اور پھر اٹھا ہی دی گئی، چار برس تک وہ اس محفل سے غائب رہے۔ لیکن ان کا یہ غیوب، درحقیقت سورج کا غروب تھا جو دوسری صبح تازہ درخشندگی کے ساتھ وجہِ تابانیٔ عالم ہوتا ہے۔ وہ چار برس کے بعد ایک نہایت مجلّا کتاب ہاتھ میں لئے نمودار ہوئے جس کا نام ہے:

PHENOMENA OF NATURE
AND THE QURAN

یہ آفتابِ تازہ، ڈاکٹر سید عبدالودود کے نام سے متعارف ہے۔ دنیا انہیں ایک ماہر سرجن کی حیثیت سے جانتی تھی اور بہت کم نگاہیں ان کے اس جوہرِ مضمر سے شناسا تھیں۔

قرآنی تعلیم کا مرکزی نقطہ تو انسانی صلاحیتوں کو بیدار کر کے انہیں مستقل اقدار کے مطابق صرف کرنے کا طریق سکھاتا ہے۔ اسے، اس کی اصطلاح میں، ہدایت کہا جاتا ہے۔ لیکن اس ضمن میں قرآنِ کریم میں کارگہِ کائنات اور خود انسانی زندگی کے متعلق اس قدر متنوّع حقائق بیان کئے گئے ہیں کہ علمِ انسانی کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جو ان کے دائرے سے باہر ہو۔ یہ وجہ ہے جو میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ قرآن کریم کی مکمل تفسیر لکھنا کبھی ایک فرد کے بس کی بات نہیں، اس لئے کہ ایک فرد کے لئے ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے کہ وہ ان تمام علوم پر حاوی ہو۔ قرآنِ مجید کی تشریح و تبیّن کا طریق یہ ہے کہ مختلف علوم و فنون کے متخصصین (Specialists) اپنے اپنے علم و فن کی روشنی میں قرآن پر غور و فکر کریں اور متعلقہ مقامات کی تحقیق و تشریح کرتے جائیں۔ اس کے بعد، قرآن کی مرکزی تعلیم کے ماہرین کی جماعت، ان تحقیقات میں ربط پیدا کر کے، ایک جامع انسائیکلو پیڈیا کی شکل میں دنیا کے سامنے پیش کر دیں۔ یہ ہو گی قرآن کریم کی صحیح تفسیر۔ واضح رہے کہ یہ تفسیر بھی اس باب میں حرف آخر نہیں ہو گی۔ جوں جوں علمِ انسانی ترقی کرتا جائے گا، اس تفسیر پر مزید غور و تدبّر ہوتا رہیگا۔

ڈاکٹر عبدالودود صاحب بنیادی طور پر سائنس کے سٹوڈنٹ ہیں۔ لیکن ایک ڈاکٹر کی حیثیت سے ان کا خصوصی تعلق علم الابدان سے ہے۔ انہوں نے دس سال تک جو نہایت گہری نظر سے قرآنِ کریم کا مطالعہ کیا تو اس میں انہیں تخلیق کائنات سے لیکر زندگی کی انسانی سطح تک، ایسے عظیم حقائق نظر آئے جن میں سے ایک ایک کا عالم یہ تھا کہ--- کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست--- چنانچہ ایک طرف انہوں نے قرآنی آیات پر غور و تدبّر شروع کیا، اور دوسری طرف علومِ سائنس کے متعلق اپنے

مطالعہ کو وسیع سے وسیع تر کرتے چلے گئے اور متقدّمین سے لیکر متاخّرین تک کے سائنسدانوں کی شہرۂ آفاق اور قابلِ اعتماد تصانیف کو کھنگال ڈالا۔ ان میں جو نظریات' حقیقت (Reality) کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں' انہیں قرآنی حقائق کی روشنی میں پرکھا۔ اور اس طرح' دس سال کے پہلے قرآنی مطالعہ اور چار سال کی بعد کی کوہکنی اور خارہ شگافی کے بعد اس جوئے شیر کے نکالنے میں کامیاب ہو گئے جو اس وقت ہمارے زیر تبصرہ ہے۔

قرآنِ کریم نے یہ بھی کہا ہے کہ **لَا یَمَسُّہٗٓ اِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ** (56/80)۔ اس کی تعلیم و ہدایت سے وہی لوگ صحیح طور پر متمسک ہو سکتے ہیں جو اپنے ذہن کو غیر قرآنی عقائد و تصوّرات سے پاک اور صاف کر کے اس کی طرف آئیں۔ اور ان کی سیرت پاکیزہ اور نگاہ پاک بیں ہو۔ مبداءِ فیض کی کرم گستری سے ڈاکٹر صاحب محترم کو ان خصوصیاتِ کبریٰ سے بھی بہرۂ وافر نصیب ہوا ہے۔ قلب و دماغ ہر قسم کے غیر قرآنی معتقدات سے منزہ' اور سیرت سفیدۂ سحر کی طرح بے داغ۔ یہی وجہ ہے کہ موضوع کے اعتبار سے ان کی کتاب' کو' سائنس کی عام کتابوں کی طرح حار و یابس ہونا چاہئے تھا۔ لیکن اس میں آپ مصنف کے اسلام کے ساتھ شیفتگی اور قرآن کے ساتھ وابستگی کے لطیف جذبات بھی محسوس کریں گے۔

ڈاکٹر صاحب کی ژرف نگہی اور دیدہ ریزی کا صحیح اندازہ تو کتاب کے مطالعہ ہی سے لگ سکتا ہے۔ لیکن اس کی ایک خفیف سی جھلک' اس کے ابواب کے عنوانات سے سامنے آسکتی ہے۔

(1) قرآن اور تخلیق کائنات ---- عالم امر و خلق و تقدیر

(2) کائنات پر طائرانہ نگاہ--- نظام فلکی۔ اجرام سماوی۔ بزم انجم۔ شہاب ثاقب۔ شعلہ ہائے مستعجل۔ قرآنی آیات کے آئینے میں۔

(3) سماء الدنیا کی کارفرمائیاں اور تجلیات ریزیاں۔ سقف محفوظ۔ میزان۔ کُنّس و خُنّس۔

(4) کائنات کی طبیعیاتی اور کیمیاوی اساسات' مقسّمٰت امر و مدبّرات امر۔ ملائکہ۔

(5) کرۂ ارض کا کیمیاوی ارتقاء۔ **سللۃ من طین** کی تحیر انگیز وادیاں۔

(6) کرۂ ارض پر زندگی کی نمود۔ نظام ربوبیت کی ناپیدا کنار پہنائیاں۔

(7) اوّلین جرثومۂ حیات-- جہانِ رنگ و بو میں حرکت و نمو کی برکات۔

(8) حیاتیاتی نظام۔ زندگی کی مختلف سطحیں۔ کاروانِ حیات کی متنوّع منازل۔ پچاس پچاس ہزار سال کا ایک ایک دن۔

(9) ماحول اور سامان نشوونما کے کرشمے۔ **یخرج الحی من المیت و یخرج المیت من الحی** کا مفہوم۔

(10) افزائشِ خویش کا حیرت فروش عمل۔

(11) نفسِ واحدہ سے تخلیق کا مفہوم۔

(12) مزید منازل۔ **علقۃ۔ مضغۃ**

(13) جنسی تفریق۔ **متشابھا و غیر متشابہ** کے معنی۔

(14) قرآن اور نظریہ ارتقاء۔

(15) کرۂ ارض کے ارتقائی منازل۔ **یومین۔ اربعۃ ایام۔ ستۃ ایام۔**

تخلیق انسانی۔ **خلقًا اٰخر**۔ روح کا مفہوم۔ **علمہ البیان** کی عظیم حقیقت۔

(16) انسان اور نظام کائنات- مومن اور متقی کا فرق-

(17) مستقل اقدار حیات- قوانین فطرت اور قوانین قرآنی ____ سرچشمہ علم-

ہر کجا بینی جہان رنگ و بو
آنکہ از خاکش بروید آرزو
یا زِنُورِ مصطفیٰؐ اور ابہا ست
یا ہنوز اندر تلاشِ مصطفیٰؐ است

یہ ہے ایک خفیف سی جھلک اس مایہ ناز تصنیف کے مشمولات کی- میں سمجھتا ہوں کہ ڈاکٹر صاحب کی یہ کاوش جہاں ایک قرآنی طالب علم کے لئے بصیرت افروز ثابت ہو گی وہاں سائنس کے سٹوڈنٹس کے لئے بھی بیش بہا معلومات بہم پہنچانے کا ذریعہ قرار پائیگی- اس میں شبہ نہیں کہ اس سے پہلے بھی ہمارے اسلاف میں سے بعض حکماء نے قرآنی حقائق پر سائنس کی روشنی میں غور و فکر کیا ہے' لیکن ایک تو اس زمانے میں سائنسی معلومات نے اس قدر ترقی نہیں کی تھی جس قدر یہ ترقی' برق رفتاری سے ہمارے دور میں ہوئی ہے اور ہو رہی ہے-اور دوسرے ان کا دائرہ فکر بھی محدود تھا- خود ہمارے زمانے میں بھی' اس سمت میں بعض کوششیں ہوئی ہیں- لیکن جہاں تک میری نگاہ یاوری کرتی ہے' ڈاکٹر صاحب کی یہ تصنیف زیادہ جامع اور اس لحاظ سے منفرد ہے' اور اس کے بعد قرآنی تحقیقات کرنے والوں کے سامنے ایک نئی شاہراہ کھولتی ہے- خدا کرے کہ دیگر اہلِ علم و فکر حضرات اس باب میں مزید سعی و کاوش کریں تاکہ (قرآنی الفاظ میں) انفس و آفاق میں مضمر آیاتِ خداوندی' مشہود ہو کر دنیا کے سامنے آجائیں- **حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَھُمْ اَنَّہُ الْحَقُّ**-

تاآنکہ یہ حقیقت واشگاف ہو جائے کہ قرآن نے جو کچھ کہا ہے' وہ حق ہے (ڈاکٹر صاحب نے اس آیتہ جلیلہ کو لوحِ کتاب کی حیثیت سے درج کیا ہے)-

کتاب نہ صرف ڈاکٹر صاحب کی فکری کاوشوں کی مظہر ہے بلکہ (صوری حیثیت سے) ان کے حسنِ ذوق کی بھی آئینہ دار ہے- عمدہ سفید کاغذ پر' موتیوں کی طرح ترشے ہوئے ٹائپ میں مطبوعہ- بیشمار بلاکس (جن میں سے بیشتر خود ڈاکٹر صاحب کے اپنے مرتب و منقش کردہ ہیں) خوبصورت ٹائپ میں- صدہا آیات قرآنی وجہِ تزئینِ اوراق- قرآنی آیات کی گلاسری (لغت)_ دیدہ زیب مضبوط جلد- یقیناً یہ بہ صرف کثیر تیار ہوئی ہو گی-

آخر میں' ایک حقیقت کا جھکی ہوئی نگاہوں سے اظہار و اعتراف بلکہ ڈاکٹر صاحب نے اپنی اس قابل فخر تصنیف کو اس ہیچ میرز کے نام ان الفاظ میں منسوب کیا ہے-

"میرے فاضل اور قابل استاد' علامہ غلام احمد پرویزؒ کے نام' جن کی بصیرت افروز اور سحر انگیز قرآنی فکر نے' میرے دل میں' پیغامِ خداوندی پر غور و تدبر کے جذبہ اور ولولہ کو بیدار کیا-"

اس کے متعلق میں' اس سے زیادہ اور کیا عرض کروں کہ یہ' میرے اس حبیبِ مکرّم کی وسعتِ قلب اور کشادگیٔ نگاہ کا آئینہ ہے وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم- البتہ ایک بات ضرور ہے- میں قریب قریب اپنی ہر تصنیف کے آخر میں لکھا کرتا ہوں کہ میری اس کاوش سے اگر ایک قلب سلیم بھی چشمہ قرآنی کے قریب آجائے تو میں سمجھوں گا کہ مجھے میری دیدہ ریزی کا صلہ مل گیا- اور میری یہ دعا تو میرے

احباب نے اکثر میری زبان سے سنی ہو گی کہ

عمر بھر کی نواگری کا صلہ
یاخدا ! کوئی ہم نوا ہی دے

میں سمجھتا ہوں کہ اس مستجاب الدّعوات کی بارگاہِ عالیہ نے میری اس دعا کو شرف باریابی عطا فرما دیا جو مجھے ڈاکٹر صاحب جیسا "ہم نوا" عطا کر دیا- وہ میرے ہمنوا ہی نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اس میدان میں وہ مجھ سے بھی آگے نکل گئے ہیں کہ امورِ سائنس کے متعلق میرا مطالعہ عمومی ہے' اور ان کی تحقیقات خصوصی ہیں-

طلوع اسلام کی ایک کنونشن میں' ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے' ڈاکٹر صاحب نے' اپنے صدارتی ارشادات کے آخر میں کہا تھا کہ

دعا میں ہمیشہ انسان کی "خود غرضی" پوشیدہ ہوتی ہے- میری دعا یہ ہے کہ-

جب تک میں زندہ رہوں کم از کم اس وقت تک پرویزؒ صاحب ضرور زندہ رہیں-

اور میری دعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب کو مجھ سے بھی زیادہ عمر عطا فرمائے کہ وہ میری فکر قرآنی کے چراغ کو میرے بعد بھی روشن رکھیں- یارب ایں آرزوئے من چہ خوش است-"

(پرویزؒ)

--- : ---

کتاب کے نئے ایڈیشن کے مندرجات میں کچھ معمولی تبدیلیاں اور اضافے بھی شامل ہیں- باب 2 میں End of The Universe کے عنوان کو حذف کر دیا گیا ہے کیونکہ یہ ڈاکٹر صاحب کی ایک دوسری کتاب The Heavens The Earth and The Quran میں تفصیل کے ساتھ درج ہے- باب 5 میں Chemical Evolution یعنی "**سلالة من طين**' کی کہانی قرآن کی زبانی" میں چند تبدیلیاں کی گئی ہیں- باب 9 میں قرآنی لفظ "مؤدت" کو ایک نئے مضمون کے تحت واضح کیا گیا ہے- باب 12 میں Viable age of Fetus یعنی قرار حمل سے کم از کم کتنی مدت (مہینوں یا ہفتوں) بعد انسانی بچہ پیدا ہو تو وہ زندہ رہ سکتا ہے؟ کا نیا مضمون شامل کیا گیا ہے-

یہ درحقیقت محترم مودودی مرحوم کی ایک تحریر پر تبصرہ ہے جو کہ دلچسپ ہے اور کئی سال پیشتر محترم پرویز صاحب کی زندگی میں ماہنامہ طلوع اسلام میں بھی شائع ہو چکا ہے-

--- : ---

نام کتاب :- دھوکہ نہ کھایئے
مصنف :- حکیم محمد مسیح الدین صدیقی
ناشر :- ادارہ "حق و باطل" ناگپور' انڈیا
ملنے کا پتہ :- ادارہ حق و باطل
GF/128 صادق آباد' مانکا پور
ناگپور 39' مہاراشٹر' انڈیا

قرآن کریم میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے کہ **اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ** -- "تمہارے رب کی طرف سے تم پر جو کتاب نازل کی گئی ہے' اسی کی اتّباع کرو' اور اس کے سوا دوسرے سرپرستوں کی پیروی نہ کرو" (7/3)

اس مختصر سی 39 صفحات کی کتاب کا نقطۂ ماسکہ یہی آیتِ کریمہ ہے- اس میں نہایت تفصیل سے وضاحت کی گئی ہے کہ اللہ اور رسولؐ کی اطاعت سے

مقصود و مراد کیا ہے؟ رسول اکرمؐ اللہ کے نبیؐ ہیں اور اللہ کی کتاب ہی لائے ہیں۔ آپؐ کی سنت یہی تھی کہ قرآن پاک پر خود بھی عمل کرتے اور دوسروں کو بھی اسی امر کی تلقین کرتے۔ حضورؐ بخاری و مسلم یا صحاح ستہ نہیں لائے تھے۔

اس کتابچے میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی تباہی، نکبت و زبوں حالی کے اسباب کیا ہیں، اور اس ذلت سے چھٹکارا پانا کس طرح ممکن ہے۔

ہمارے مذہبی علماء کی حقیقت کیا ہے اور وہ کس چیز کی تبلیغ کو جہاد سمجھ کر سرانجام دے رہے ہیں۔

مصنف نے ایسے ان سوالات کا جواب، جو سنجیدہ ذہنوں میں اکثر ابھرتے ہیں، قرآن کریم کی روشنی میں دیا ہے کہ یہی ان کے نزدیک حق و باطل کی کسوٹی اور معیار ہے۔

اللہ کے دین کو غالب کرنے کے لئے ان کے نزدیک ضروری ہے کہ تنگ نظری، مفاد پرستی، ہٹ دھرمی، غلامانہ ذہنیت اور روائتی، سلفی اور تقلیدی طریقوں کو چھوڑ کر زندگی کے تمام گوشوں کے لئے رہنمائی براہ راست قرآن کریم سے حاصل کی جائے۔ یہ اس لئے کہ ۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ○ (5/44)

"جو لوگ اللہ کے نازل کردہ احکامات (قرآنِ حکیم) کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے وہ کافر ہیں"۔

کتابچے کی قیمت Rs. 5/- علاوہ پوسٹل خرچ ہے۔

(احمد حسین قیصرانی)

قرآن حکیم کے طالب علموں کے لئے خوشخبری

آسان قرآنِ مجید

(سلیس لفظی ترجمہ معہ مختصر تفسیر القرآن بالقرآن)

از : علی احمد خان دانشمند جالندھری علیگ

سائز 29 x 8/22، صفحات = 736، ہدیہ = 200 روپے

ملنے کا پتہ :-

دوست ایسوسی ایٹس، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔

کتاب کی افادیت مترجم کے درج ذیل جملوں سے لگائی جا سکتی ہے۔

1- الفاتحہ (کھولنے والی) یعنی انسان کیلئے کامیابی و کامرانی کی راہ کھولنے والی۔ صفحہ 2

2- دیگر کتب مقدسہ کا نور قرآن حکیم کے نور سے ملتا نظر آئے تو اسے اللہ تعالیٰ کا کلام سمجھو اور جو نور کے خلاف ظلمت نظر آئے تو اسے دین کے دشمن کا کتاب مقدس میں داخل کیا ہوا باطل سمجھو کیونکہ جو قرآن حکیم کے خلاف بات ہو گی وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہرگز نہیں ہو سکتی۔ صفحہ 3

3- حضرت اسماعیلؑ کا زندہ رہ کر قربان ہونا عظمت والی قربانی تھی، یہی عظمت والا فدیہ تھا۔ صفحہ 552

4- سورۃ عبس کا غلط ترجمہ کر کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن اندھے کے لئے تیوری چڑھائی نہ پیٹھ پھیری، یہ تمام حرکات تو روحانی اندھے کافر کی ہیں۔ صفحہ 726

5- مسلم قوم نے اگر شب قدر دیکھنی ہے تو قرآن حکیم کے سورج کو دنیا پر طلوع کرے۔ صفحہ 730

(محمد علی فارق)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حقائق و عبر

1- لو وہ بھی کہتے ہیں

'حدیث و سنت کی تحقیق کا فراہی منہاج' کے عنوان کے تحت ماہنامہ اشراق نے اپنی ستمبر 95ء کی اشاعت میں اپنے امام حمید الدین فراہیؒ کا حدیث کے بارے میں نقطہ نظر بیان کرتے ہوئے' تفاسیر فراہی سے ایک اقتباس نقل کیا ہے جو قارئین طلوع اسلام کے لئے حیرت اور دلچسپی کا باعث ہو گا۔ لکھتے ہیں۔

"یہ ہمارے بعض بھائیوں کا غلو ہے کہ وہ حفاظت قرآن کی طرح حفاظت حدیث کے قائل ہوئے ہیں اور کہتے ہیں کہ بخاری اور مسلم میں جو کچھ روایت ہو گیا ہے' اس میں شک کرنے کی کوئی گنجائش نہیں' حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی طرف منسوب متعدد روایتوں میں نہایت بھونڈا اختلاف نقل ہوا ہے"۔

"بعض روایات ایسی بھی نقل ہو گئی ہیں' جو قرآن مجید کی اصل کو ڈھانے والی ہیں۔ ایسی روایات کو قبول کرنا' خود قرآن کا انکار کرنا ہے۔ لیکن تعجب کی بات یہ ہے کہ بہت سے لوگ قرآن کو اس کی اصل سے پھیر دیں گے' لیکن روایت کی تاویل کی جرأت نہیں کریں گے۔ اس کی خاطر' بسا اوقات' وہ صرف آیت کی غلط تاویل ہی پر بس نہیں کرتے' بلکہ اس کے نظام کی قطع و برید بھی کر ڈالتے ہیں' حالانکہ' جب اصل و فرع میں تعارض ہو تو کاٹنے کی چیز فرع ہوتی ہے' نہ کہ اصل"۔

"بعض لوگ ایسی روایات تک قبول کر لیتے ہیں' جو نصوص قرآنی کی تکذیب کرتی ہیں' مثلاً: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تین جھوٹ بولنے کی روایات یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف وحی قرآن پڑھ دینے کی روایت"۔

(تفاسیر فراہی' ص 39)

مضمون کو سمیٹتے ہوئے وہ مزید لکھتے ہیں:

روایت کو ردّ یا قبول کرنے میں مولانا فراہی کے پیش نظر جو اصول ہوتے' وہ حسب ذیل ہیں:

1- اصل اساس کی حیثیت قرآن کو حاصل ہے۔

2- سنت ثابتہ' منصب رسالت کا ایک قدرتی جزو اور شریعت کی ایک مستقل بنیاد ہے۔ قرآن اور سنت میں تفریق کرنا ایک ملحدانہ روش ہے۔

3- حدیث کی حیثیت ایک فرع کی ہے' جس کا باعث اس کی روایت میں ظن کا دخل ہے۔

4- ان روایات کو قبول کرنا جائز نہیں' جو اصل کے خلاف اور نصوص قرآنی کی تکذیب کرتی ہوں۔

5- قرآن کی تصدیق و تائید کرنے والی تمام روایات قابل قبول ہیں۔
6- قرآن اور حدیث کے درمیان اختلاف کی صورت میں حکم قرآن ہو گا۔
7- خبر' اگرچہ متواتر ہو' قرآن کو منسوخ نہیں کر سکتی۔ ظن کی بنیاد پر نسخ کا فیصلہ نہیں ہو سکتا' کرنے کا اصل کام قرآن کے ساتھ سنت کی تطبیق ہے۔

طلوع اسلام : یہی بات طلوع اسلام کہے تو منکر سنت' منکر حدیث اور نہ جانے کیا کیا۔

2- امامت کا جھگڑا

روزنامہ پاکستان- 18 ستمبر 95ء کی ایک خبر ملاحظہ فرمائے۔

پیپی سے 4 کلو میٹر دور موضع ڈاگئی قدیم میں مسجد کے پیش امام کی تقرری پر مسلح تصادم میں دو افراد ہلاک اور ایک شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق فریقین کے درمیان ایک مسجد کے پیش امام کی تقرری کا تنازعہ تقریباً ایک سال سے چل رہا تھا۔ گذشتہ روز حاجی زرگل نے مولانا نور اکبر سے کہا کہ ہم مسجد اعوان میں اپنے مسلک کے پیش امام کی تقرری کریں گے جبکہ فریق اول نور اکبر نے کہا کہ ہم اپنے مسلک کا پیش امام مقرر کریں گے۔ فریقین کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ معاملہ رفع دفع ہوا۔ دوسرے دن نماز فجر کے درمیان فریقین کے درمیان پھر پیش امام کی تقرری پر تنازعہ اٹھ کھڑا ہوا اور نوبت مسجد ہی میں فائرنگ تک آپہنچی۔ فائرنگ سے فریق اول مولانا نور اکبر کا نواسہ ذاکر علی اور حاجی زرگل موقع پر ہلاک ہوئے جبکہ غنچہ گل شدید زخمی ہوا۔ فریقین نے ایک دوسرے کے خلاف قتل کی رپورٹ درج کرا دی ہے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ پیپی کے ایس ایچ او انسپکٹر روئیداد حسین شاہ ہمراہ بھاری جمیعت جائے وقوعہ پر پہنچے اور لاشوں کو اپنی تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے بعد ورثہ کے حوالہ کر دیں جبکہ زخمی کو علاج معالجہ کیلئے ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔

طلوع اسلام :- مذہب کی بات ہے۔ مذہب میں یہی کچھ ہوتا ہے۔

3 استفسارات

کراچی سے ایک صاحب نے معلوم کیا ہے کہ قرآن مجید میں سورۃ لقمان کی آیت 34 میں واضح اعلان کے بعد کہ صرف اللہ ہی جانتا ہے کہ رحم مادر میں کیا ہے' یہ کس طرح ممکن ہوا کہ آج کل الٹرا ساؤنڈ کی مدد سے معلوم کیا جانے لگا ہے کہ رحم مادر میں لڑکا ہے یا لڑکی۔ ہم اس کا جواب لکھ ہی رہے تھے کہ ماہنامہ حق و باطل میں حکیم مسیح الدین صدیقی صاحب کا جواب نظر آیا جو مدلل ہونے کے علاوہ خاصا حکیمانہ جواب ہے۔ ذیل میں ہم حکیم صاحب موصوف کے شکریہ کے ساتھ انہی کا جواب نقل کرنے پر اکتفا کر رہے ہیں۔

جواب

آئت کریمہ **ویعلم ما فی الارحام** کے سلسلہ میں عرض ہے کہ اس کے روائتی تراجم بالکل غلط ہیں۔

جس میں یہ باور کروایا جاتا ہے کہ اس آیت میں موجود پانچوں باتوں کا علم سوائے اللہ کے کسی کو نہیں ہے۔ پہلے آپ اس آیت پاک کا صحیح قرآنی مفہوم ملاحظہ فرمالیں:

"فیصلے کی گھڑی (قیامت) کا علم اللہ ہی کو ہے' اپنے اسی علم کی بناء پر وہ جہاں چاہتا ہے پانی برساتا ہے رحموں میں جو کچھ ہے اسے بھی جانتا ہے۔ جبکہ تم میں سے کوئی شخص بھی نہیں جانتا کہ وہ آئندہ کیا کرنے والا ہے اور نہ یہ کہ کس جگہ اسے موت آئیگی۔ یقیناً یہ سب کچھ از ابتدا تا انتہاء اللہ ہی جانتا ہے کیونکہ وہ ہر بات سے پوری طرح باخبر ہے۔" (لقمان: 34)

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ اس آیت میں فیصلے کی گھڑی کے بارے میں بتایا جا رہا ہے کہ جس طرح تمہیں آئندہ حالات و واقعات اور موت کی جگہ کا علم نہیں ہے۔ اسی طرح تم فیصلے کی گھڑی کے بارے میں بھی نہیں جانتے کہ وہ کب آن پہنچے گی۔

ما فی الارحام کے بارے میں یہ نہیں کہا جا رہا ہے کہ اسے انسان نہیں جان سکتا۔ اور نہ ہی یہ بتایا جا رہا ہے کہ بارش ہونے کا علم بھی انسان کو نہیں ہے۔ حالانکہ اللہ رب العزت نے ہی انسانوں کو اس کا علم عطا فرمایا ہے کہ وہ بارش ہونے کا مختلف طریقوں سے اندازہ لگا لیں بلکہ ضرورتاً مصنوعی بارش بھی برسا سکیں۔ اور یہ بھی جان لیں کہ رحم مادر میں کچھ ہے یا نہیں' اور ہے تو کیا ہے' لڑکا یا لڑکی؟

الٹرا سونک ٹسٹوں سے تو یہ اب معلوم کیا جانے لگا ہے' ورنہ قدرت نے تو ہزاروں سال پہلے ہی ایسی چیزیں پیدا کر رکھی ہیں کہ جن سے مشینز کے بغیر ہی پورے اعتماد و یقین کیساتھ یہ معلوم کر لیا جا سکا ہے اور سابقہ میں بھی حکماء اسے معلوم کرتے رہے ہیں کہ رحم مادر میں لڑکا ہے یا لڑکی؟

مثلاً ایک نبات یعنی بوٹی ہوتی ہے جسے "چھوئی موئی" یا "شرمیلی" کہتے ہیں۔ طبی زبان میں اس کا نام "لاجونتی" ہے۔ عربی میں اسے "شجرۃ الحیاء" کہا جاتا ہے۔ یہ اس قدر نازک' شرمیلی' حیا دار و حساس ہوتی ہے کہ مردوں کے چھونے سے' بلکہ ان کی قربت' آہٹ و سائے سے بھی سمٹ اور سکڑ جاتی ہے۔ جبکہ عورتیں اسے ہاتھ لگائے تو بھی نہیں سکڑتی۔ آپ حاملہ کو اس بوٹی کے پاس سے گزاریں یا اسے چھونے کیلئے کہیں۔ اگر حاملہ کے ہاتھ لگانے سے اس کے پتے سکڑ جائیں تو سو فیصدی یقین کیساتھ آپ کہہ سکتے ہیں کہ رحم مادر میں لڑکا ہے۔ یہ ہرگز غلط نہیں ہو گا۔ لیکن اگر پتے نہ سکڑیں' تروتازہ ہی رہیں تو آپ پوری گارنٹی کیساتھ کہدیں کہ لڑکی ہو گی۔ اور لازماً لڑکی ہی ہو گی۔ آپ کی بات کبھی غلط ثابت نہ ہو گی۔ یہ سو فیصدی' یقینی' حکیمہ اور بے خطا قدرتی شناخت ہے۔ آپ بھی کبھی تجربہ کر کے قدرت الٰہی کا کرشمہ ملاحظہ فرمائیں۔

اس کے علاوہ بھی لڑکا یا لڑکی معلوم کرنے کے کئی قدرتی اصول و طریقے ہیں۔ تو آپ بتایئے کہ جب یہ سارے طریقے' قاعدے اور علامات و نشانات قدرت نے پیدا کئے ہیں اور اسے استعمال کرنے' فائدہ اٹھانے اور اندازہ لگا کر حقیقت معلوم کرنے کی صلاحیت اور عقل و شعور بھی اللہ ہی نے عطا فرمائی ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کوئی کسوٹی' معیار و پیمانہ عطا فرما دینے کے بعد یہ کیسے کہہ سکتا ہے کہ تم سیاہ سفید' اندھیرے اجالے' اچھے برے' اور نر و مادہ کو نہیں

پہچان سکتے؟ یہ سب روایتی عقیدے ہیں جو انسانوں کو کتاب و نور مل جانے کے بعد بھی اسے اندھیروں اور ظلمتوں میں بھٹکائے رکھنا چاہتے ہیں۔

البتہ یہ سچ ہے کہ رحم میں جو کچھ ہے اس کے مستقبل کے بارے میں کوئی نہیں بتا سکتا کہ وہ کیسا ہو گا' کیا کرے گا' نیک ہو گا کہ بد' اس کے اعمال و کردار کیا ہونگے' وہ کس انجام و نتیجے سے دو چار ہو گا' اس کے فیصلے کی گھڑی کب آئیگی اور کس سر زمین پر اسے اپنی گرفت میں لے لیگی۔ ان ساری باتوں کا علم از ابتدا تا انتہا اللہ ہی کو حاصل ہے۔ اور آیت مذکورہ میں اسی حقیقت کو واضح کیا گیا ہے۔

4- دین اور مذہب

ہفت روزہ ندائے خلافت بابت 27 ستمبر تا 3 اکتوبر 95 کا ایک اقتباس ملاحظہ فرمائیں۔

اسلام ایک مکمل نظام زندگی ہے۔ یہ مذہب نہیں بلکہ دین ہے جس میں صرف عقائد' عبادات' رسم و رواج ہی نہیں بلکہ اس میں ہمارے لئے معاشرتی نظام' معاشی نظام اور سیاسی نظام بھی ہے۔ نیز زندگی کے یہ چھ کے چھ گوشے (عقائد' عبادات' رسم و رواج' معاشرتی نظام' معاشی نظام اور سیاسی نظام) مل کر دین کہلاتے ہیں۔ ان میں سے پہلے تین گوشے فرد کی انفرادی زندگی سے متعلق ہیں اور دوسرے تین فرد کی اجتماعی زندگی سے بحث کرتے ہیں۔

دین کے غلبے سے اصلاً" اس کا اجتماعی نظام مراد ہے۔ اسلام کا یہ اجتماعی نظام غالب ہو تو یہ دین کی شکل میں ہوتا ہے ورنہ عملاً مذہب ہی بن جاتا ہے۔ آج دنیا میں کہیں بھی اللہ کا عطا کردہ نظام عدل و قسط قائم نہیں ہے۔ یہاں تک کہ مسلم اکثریت والے ممالک نے بھی اپنا اجتماعی نظام اسلام کے علاوہ کہیں اور سے مستعار لیا ہوا ہے۔ آج اس کو پھر قائم کرنا ہے۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی کام کیا۔ آپ کے صحابہؓ نے بھی یہی کام کیا اور امت کا بھی یہی کام ہے۔ جو نبیؐ کا مقصد وہ ہمارا مقصد' جو نبیؐ کا طریقہ وہ ہمارا طریقہ۔

نبی اکرمؐ کا مقصد بعثت قرآن مجید نے غلبہ دین حق ہی قرار دیا ہے اور آپؐ اور آپؐ کے صحابہؓ نے ایک انقلابی جدوجہد کے ذریعے اس مشن کی تکمیل فرمائی۔ اسلام میں جہاد و قتال کی غرض و غایت ہی اقامت دین ہے۔ ایمان والوں کو قرآن بار بار مخاطب کر کے پکار رہا ہے کہ اس دین کو قائم کرنے کے لئے اٹھو' جدوجہد کرو۔ جان مال کھپاؤ۔ اس کے بغیر دعویٰ ایمان بے معنی ہے۔ یہ تمہاری ذمہ داری ہے اور اس کی ادائیگی میں ہی تمہاری دونوں جہانوں کی کامیابی مضمر ہے۔

جب بھی لفظ "دین" ہمارے سامنے آتا ہے تو اس سے مراد صرف نماز' روزہ یا خاص وضع قطع نہیں ہوتی ہے بلکہ وہ نظام عدل و قسط مراد ہوتا ہے۔ یہ چیز کسی قدر واضح ہو کر حدیث میں آئی ہے کہ " بنی الاسلام علی خمس....." یعنی اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ وہ پانچ چیزیں کلمہ' نماز' روزہ' زکوٰۃ اور حج ہیں۔ یہ نہیں کہا گیا کہ یہی پانچ چیزیں اسلام ہیں بلکہ پورا ڈھانچہ ہے جو ان کے اوپر قائم کیا گیا ہے' اور وہ پورا اجتماعی نظام ہے۔

طلوع سلام :- فیض نے کہا تھا۔

ہم نے جو طرز فغاں کی ہے قفس میں ایجاد
فیض گلشن میں وہی طرزِ بیاں ٹھہری ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد عمر دراز

موت کا ایک دن معین ہے؟

(قرآن فہمی کا اصول)

عزیز محترم بشیر احمد عابد صاحب کا عنوان بالا پر مضمون (مطبوعہ شمارہ اکتوبر 1995ء) دقتِ نظر سے پڑھا۔ انہوں نے موضوع زیر نظر اور ڈاکٹر عبدالودود صاحب کی پیش کردہ معروضات پر سیر حاصل بحث کر کے قرآن کریم کی روشنی میں اس کا تجزیہ کیا ہے اور بتایا ہے کہ جب اللہ نے موت کے لئے ایک قانون مقرر کر دیتا ہے تو اس قانون کو ایک طرف رکھ کر اللہ تعالیٰ براہ راست اس میں دخل نہیں دیتا۔ ایسا عقیدہ اللہ کے طریق (سنت اللہ) کے مطابق باطل ٹھہرتا ہے۔

عزیز موصوف کی ہمیشہ یہ منفرد خصوصیت رہی ہے کہ وہ جو کچھ سمجھتے ہیں قرآن کریم ہی سے سمجھتے ہیں اور جو کچھ کہتے ہیں، قرآن کریم کی سند ہی سے کہتے ہیں۔ اور قرآن کریم کا دعویٰ ہے کہ **اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ** (17/9)۔ "یہ قرآن (سفرِ زندگی میں) ایسی راہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھی اور معتدل (توازن بدوش) ہے۔" قرآنِ کریم سے رہنمائی حاصل کرنے والا کبھی ٹھوکر نہیں کھا سکتا۔

ڈاکٹر صاحب نے اپنے دوسرے مضمون اجلاً" مسمی" میں خود یہ بات لکھی ہے کہ:

"انسان کی موت، دو مختلف وجوہات سے واقع ہوتی ہے۔ ان میں سے ایک حادثاتی ہے اور دوسری طبعی۔ اول الذکر میں مختلف قسم کی بیماریاں، حادثات اور ماحول کے اثرات کارفرما ہوتے ہیں۔"

اس کے بعد انہوں نے تفصیلاً" لکھا ہے کہ وہ کون سے حادثاتی یا ماحولیاتی عوارضات ہیں جو انسان کی موت کا سبب بنتے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے لکھا ہے کہ:

"مندرجہ بالا موتوں کو علاج معالجہ اور حفظ ماتقدم کے ذریعے روکا جا سکتا ہے یا یوں سمجھئے کہ انسانی موت کے وقت کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔"

یہ ہے ڈاکٹر صاحب کے ان تمام واقعات میں بچ جانے کی "لم" یعنی حفظ ماتقدم۔ اور اسی بات کو بشیر احمد عابد صاحب نے بھی خوبصورتی سے بیان کیا ہے۔ امید ہے ڈاکٹر صاحب اپنے اس مضمون کو بار دگر بغور پڑھنے کے بعد اپنے بار بار موت سے بچ جانے کی وجہ سمجھ جائیں گے اور اسے اپنے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی براہ راست مداخلت کہنے کی بجائے اپنی احتیاطی تدابیر کا نتیجہ ٹھہرائیں گے۔

اور تو اور، اللہ تعالیٰ تو، دنیائے انسانیت کی سب سے بڑی ہستی حضور نبی اکرمؐ کے لئے بھی (کہ جن کا مقام یہ ہے کہ "بعد از خدا بزرگ توئی، قصہ مختصر") اپنے قانون میں کوئی تبدیلی نہیں کرتا (28/56;13/40 وغیرہ) اس کی طرف محترمہ شمیم انور

صاحبہ نے اپنے مضمون میں (مطبوعہ شمارہ ستمبر 1995ء) بالخصوص اشارہ کیا ہے۔

سلسلہ موت و حیات میں قول فیصل وہی ہے جس کا عزیز موصوف نے اپنے مضمون کے آخری حصہ میں ذکر کیا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ :

وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ (35/11)

"عمر کے بڑھنے اور گھٹنے کا اللہ نے ایک قانون مقرر کر رکھا ہے اور اس کے خلاف کبھی نہیں ہوتا۔"

قرآن کریم، اللہ تعالیٰ کے کسی قانون کے متعلق جب کہتا ہے کہ یہ ایسا کرتا ہے تو ساتھ ہی اس کے متعلق یہ **ضمانت** بھی بہم پہنچاتا ہے کہ **لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا** (33/62)۔ "تم اللہ کے طریق کار (قانون) میں کبھی کہیں کوئی تبدیلی نہیں پاؤ گے اور نہ ہی اس میں کبھی کوئی تحول پاؤ گے **لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا** (35/43)۔

حق تو یہ ہے کہ اللہ بننا چچا ہی ایسی ذات کو ہے جو پورے حتم و یقین سے کہے کہ ایسا کرو گے تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا اور اس کی **ضمانت** بہم پہنچائے کہ کچھ بھی ہو جائے، نتائج کبھی اس کے برعکس نہیں نکلیں گے۔ اگر اس کا قانون اس طرح کارفرما ہو کہ کسی ایک کے لئے کچھ، اور دوسرے کے لئے اسی ضمن میں کچھ اور، تو اس جہانِ رنگ و بو کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے۔ قانون کی تو تعریف ہی یہ ہے کہ :

IF - THEN AND ALWAYS

یعنی اگر یوں کیا جائے تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا اور ہمیشہ ایسا کرنے سے ایسا ہی نتیجہ نکلے گا۔

قرآن فہمی کے سلسلہ میں ایک اہم بات یہ ہے کہ قرآن کریم کی اصطلاحات، مفردات یا کسی آیت کا مفہوم متعین کرتے وقت قرآن کریم کی تعلیم کا مجموعی تصور سامنے ہونا چاہئے اور اس بنیادی اصول کو ہمیشہ مدنظر رکھا جانا چاہئے کہ ان کا کوئی مفہوم یا اس کی کوئی تفسیر قرآن کریم کی مجموعی تعلیم کے خلاف نہ جائے۔ اس لئے کہ قرآن کا دعویٰ ہے کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں **اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۭ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا** (4/82)۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ قرآن کریم کو سمجھتے وقت ذہن کو خارجی اثرات سے الگ رکھا جائے اور "اگر نظر بظاہر یوں لگے کہ قرآن کریم کا ایک مقام، کسی دوسرے مقام سے، ایک ہی ضمن میں کوئی اختلافی بات کہہ رہا ہے تو، فوراً کسی نتیجہ پر پہنچنے کی بجائے، انتظار کرنا چاہئے کہ انسانی علم اس درجہ تک پہنچ جائے جہاں دونوں جگہوں پر کہی گئی بات کا توافق سمجھ میں آجائے، کیونکہ یہ ممکن ہی نہیں کہ کسی ایک موضوع پر قران دو متضاد باتوں کو سند دے۔ اللہ تعالیٰ نے بھی اس کا یہی طریق بتایا ہے۔ ارشاد ہے کہ

سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ (41/53)۔

"ہم خارجی کائنات اور انسانوں کی دنیا میں انہیں اپنی نشانیاں دکھاتے چلے جائیں گے تاآنکہ یہ بات ان پر ثابت ہو جائے کہ الحق صرف قرآن ہی ہے"۔

میں اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ شکر بجا لاتا ہوں

کہ استاد محترم علامہ غلام احمد پرویزؒ نے قرآن فہمی کی جو منفرد طرح ڈالی تھی' اس کے ثمرات میں عزیز محترم بشیر احمد عابد جیسے تلامذہ سامنے آرہے ہیں۔ میں عزیز موصوف کو ان کی اس مدلل تحقیقی کاوش پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے دعا گو ہوں کہ اللہ ان کے ذوق اور فہم قرآنی کو چار چاند لگائے کہ قرآن کریم ہی کا جادۂ مستقیم وہ راہ ہے جس پر چل کر انسانیت بالعموم اور امت مسلمہ بالخصوص نشأۃ ثانیہ پا سکتی ہے۔ قرآن سے ہٹ کر جب بھی کسی مسئلے کا حل سوچا جائے گا' انسانی فکر ٹھوکر کھائے گی۔ اس پر زمانہ کی تاریخ شاہد ہے۔

اللہ تعالیٰ' ہم سب کو اپنی آخری کتاب کی عظیم آیات سمجھنے کے لئے یہ سعادت بخشے کہ ہم انہیں قرآن ہی کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق سمجھ سکیں اور ان پر کسی خارجی عنصر' واہمے یا اپنے ساتھ پیش آنے والے حادثاتی اتفاقات کو اثر انداز نہ ہونے دیں۔ کیونکہ صرف اسی طریق سے قرآن کریم ہمارا رہنما بن سکتا ہے اور یہی سنت رسولؐ اللہ بھی ہے۔

قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا یُوْحٰٓی اِلَیَّ مِنْ رَّبِّیْ ۚ ھٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّکُمْ وَھُدًی وَّرَحْمَۃٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ -(7/203)

اے رسولؐ ! ان سے کہہ دیجئے کہ میں تو صرف اس کا اتباع کرتا ہوں جو مجھے میرے نشوونما دینے والے کی طرف سے ملتی ہے۔ یہ ضابطہ' قوانین' تمام دنیا کے انسانوں کے لئے بصائر و دلائل کا مجموعہ ہے اور جو لوگ اس کی صداقتوں پر ایمان لائیں' ان کے لئے یہ ہدایت و رحمت کا سرچشمہ ہے۔

وضاحت

"موت کا اک دن معین ہے؟" کے عنوان کے تحت ہمیں درج ذیل کرمفرماؤں کی طرف سے بھی مضامین موصول ہوئے ہیں لیکن چونکہ اس موضوع پر ہم اب تک بہت سے مضامین شائع کر چکے ہیں اس لئے دلائل کی مزید تکرار چنداں سود مند نہ ہو گی لہٰذا سردست یہ سلسلہ مضامین بند کیا جا رہا ہے۔

جناب محمد اسلم رانا صاحب۔ جناب محمد لطیف چوہدری صاحب۔ جناب توفیق صاحب۔ جناب غلام محمد غلام صاحب۔ جناب تنویر قمر دانش صاحب۔ جناب سلیم قیوم صاحب۔ جناب عبدالمجید انصاری صاحب۔ جناب احمد اشرف صاحب۔ جناب شفیق صاحب۔ جناب نثار احمد چوہدری۔ جناب ڈاکٹر سید عبدالودود صاحب۔ جناب میجر کلیم احمد صاحب۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد جیلانی قریشی

صُورت گری

"وہ جو چاہتے یہ ان کے لئے بناتے یعنی قلعے اور مجسّمے..." قرآن (سورۃ سبا (34) کی آیت 13) قیامت کے دن سب سے زیادہ عذاب مصوروں ہی کو ہو گا..... حدیث (بخاری)

یہ شناخت کا زمانہ ہے۔کوئی بھی اجنبی آپ سے روابط بڑھانے سے پہلے آپ کی شناخت طلب کرے گا۔ چاہے آپ ملازمت کی درخواست دیں یا شناختی کارڈ بنوائیں، تصویر کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ اس کے بغیر نہ پاسپورٹ کا تصور ہے اور نہ ویزہ کا، دوسری دستاویزات کی بھی بغیر تصویر کے کوئی قیمت نہیں۔ شادی کی بھی کہیں بات چلتی ہے تو تصویروں کا تبادلہ پہلے ہوتا ہے۔ اتنی ضروری اور بے ضرر چیز کو اسلام کے بعض علماء ناجائز قرار دیتے ہیں۔ ساتھ ساتھ یہ بھی دعویٰ کرتے ہیں کہ اسلام دین فطرت ہے۔ پھر سائنس جو فطری اصولوں پر کاربند ہے۔ اس سے اجتناب چہ معنی دارد۔ جو علماء تصویر کو حرام قرار دیتے ہیں ان کا استدلال یہ ہے کہ بعض احادیث میں تصویر کی ممانعت ملتی ہے۔

اس کی رو سے بعض علماء کے نزدیک تصویر حرام قرار دے دی گئی۔ جہاں تک حدیثوں کی اصلیت کا تعلق ہے اس حوالے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مشہور حدیث ہے جو احادیث اور روایات کو پرکھنے کے لئے ایک میزان، ایک پیمانہ اور ایک کسوٹی ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی بتا دی ہے۔ حدیث بخاری کے الفاظ میں۔

"میرے بعد حدیثوں کی کثرت ہو گی تو جو حدیث میری طرف منسوب کر کے تمہارے سامنے روایت کی جائے اس کو قرآن کے سامنے پیش کرو اگر اس کے موافق پاؤ تو قبول کر لو اور اگر اس کے مخالف پاؤ تو رد کر دو۔"

اسی میزان، اسی پیمانے اور کسوٹی کو بنیاد بنا کر بہت سے علماء نے تحقیق کر کے لاتعداد حدیثوں کی نفی کر دی۔ فی الوقت ایک مثال پر اکتفا کروں گا وہ یہ کہ تمام دنیا جہان کے مسلمانوں میں امام مہدی کے ظہور اور عیسیٰ کے نزول کا عقیدہ راسخ ہے۔ اتنا راسخ ہے کہ اس کے بغیر مسلمان کا ایمان مکمل نہیں سمجھا جاتا۔ اس کی حوالے سے لاتعداد حدیثیں زبان زدِ خاص و عام ہیں۔آپ کو یہ جان کر حیرت ہو گی کہ جدید تحقیق کی رُو سے ان تمام حدیثوں کو من گھڑت قرار دے دیا گیا۔ اسی حوالے سے حضرت علامہ تمنا عمادی کی کتاب "انتظار مہدی و مسیح" دیکھی جا سکتی ہے۔ جن محققین نے ظہور امام مہدی اور نزول حضرت عیسیٰ کو بے بنیاد قرار دے دیا ان میں سرسید احمدؒ خان، مولانا عبیداللہؒ سندھی اور مولانا ابوالکلام آزاد جیسے دانشور شامل ہیں۔ ڈاکٹر محمد اقبالؒ نے تو

یہاں تک کہہ دیا۔

میناِر دل پہ اپنے خدا کا نزول دیکھ
اب انتظارِ مہدی و عیسیٰ بھی چھوڑ دے

جب اتنی مشہور حدیثیں اور راسخ عقائد والی حدیثوں کو ہی بے بنیاد قرار دے دیا گیا پھر دوسری لاتعداد حدیثوں کا کیا بنے گا جو قرآن کی تعلیمات کے سراسر خلاف ہیں؟ پھر بھی کیا ہر ایک حدیث کو آنکھ بند کر کے مان لیا جائے یا اس کو پرکھ کر دیکھا جائے۔ اور حدیث کو پرکھنے کا فارمولا بھی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم دے گئے ہیں یعنی وہی حدیث جو پہلے بتا دی گئی یعنی حدیث کو اگر قرآن کی تعلیمات کے مطابق پاؤ تو قبول کر لو اگر مخالف پاؤ تو ردّ کر دو۔ لہٰذا ہم نے پورا قرآن چھان ڈالا دو ٹوک الفاظ میں تو کجا پورے کلام الٰہی میں اشارتاً" خواہ صراحتاً" اور کنایتاً" بھی صورت گری کے خلاف کوئی بھی مواد نہیں ملتا ہاں البتہ ایسی آیات ملتی ہیں جس سے حدیثوں کی پوزیشن اور واضح ہو جاتی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

مَا فَرَّطْنَا فِی الْکِتَابِ مِنْ شَیْءٍ

"ہم نے اس کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی ہے۔" (سورہ انعام (6) آیت 38) اور

وَنَزَّلْنَا عَلَیْکَ الْکِتٰبَ تِبْیَانًا لِّکُلِّ شَیْءٍ

"اے رسول ! اور ہم نے اس کتاب کو تم پر (دین) کی ہر چیز صاف طور سے بیان کر دینے کے لئے اتارا ہے۔" (سورۃ نحل آیت 89)

ان آیات پر اگر غور کریں تو یہ بات صاف اور واضح ہو جاتی ہے کہ قرآن شریف اسلامی عقائد کا واحد مرجع اور منبع ہے۔ حدیث صرف اس کی تشریح کا کام دے سکتی ہے۔ قرآن سے الگ کوئی نظریہ لاگو کرنا حدیث کا کام نہیں۔ اس سے پیشتر کہ لوگ مجھ پر منکرِ حدیث کا ٹھپا لگا دیں اور میرا منشاء بھی نہیں کہ میں منکرِ حدیث کہلاؤں لہٰذا میں ایسی روایات بھی پیش کروں گا جن سے تصویر کی اباحت (جائز ہونا) ثابت ہو لیکن اس سے پہلے جب میں نے دعویٰ کیا کہ قرآن مجید جو دین کا اصل ماخذ ہے ایسا کوئی مسئلہ نہیں چھوڑا جس کا تعلق رہتی دنیا تک نہ ہو' لہٰذا جب صورت گری کی مخالفت میں کوئی مواد نہ مل سکتا تو پھر ایسی ضرور کوئی آیت ہو گی جس سے صورت گری کی گنجائش نکلتی ہو لہٰذا میں سورۃ سبا کی آیت 13 پیش کرتا ہوں جس کا ترجمہ کچھ یوں ہے۔

"وہ جو چاہتے یہ ان کے لئے بناتے یعنی قلعے اور مجسّمے اور (بڑے بڑے) لگن جیسے تالاب اور دیگیں جو ایک ہی جگہ رکھی ہیں' اے داؤد کی اولاد (میرا) شکر کرو اور میرے بندوں میں شکر گزار تھوڑے ہیں۔" اس آیت میں لفظ تماثیل کا ترجمہ بعض مفسروں نے تصویریں کیا ہے اور بعض نے مجسّمے۔ پکتھال نے انگریزی میں جو ترجمہ کیا ہے لفظ تماثیل کا انہوں نے Statues کیا ہے۔ بہرحال مجسّمے ہوں یا تصویریں دونوں کا تعلق صورت گری ہی سے ہے۔ یہ تماثیل جنات بناتے تھے حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے اس آیت سے صورت گری کی اباحت (جائز ہونا) ثابت ہوتی ہے۔ لہٰذا جو حدیث اوپر پیش کی گئی چونکہ مخالف کلام اللہ ہے لہٰذا اصول تضیع کے تحت مسترد کی جا سکتی ہے بلکہ صرف یہی ایک حدیث

نہیں، جتنی بھی حدیثیں تصویروں اور صورت گری کی ممانعت کرتی ہوں سب کی سب ردّ کی جا سکتی ہیں۔ یہ تو رہا قرآن اور حدیث کا ٹکراؤ۔ اب رہی تاریخ کی بات تو تاریخ سے یہی پتہ چلتا ہے کہ اسلام کے ابتدائی دور سے ہی مصوری اور صورت گری مسلمانوں کے ایک طبقہ میں رائج رہی۔ مثلاً :-

1- **حضرت عروہ کا نگار خانہ** :- عفان بن مسلم، حماد بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہیں حضرت عروہ کے بیٹے ہشام نے بتایا کہ حضرت عروہ ہمیشہ ریشمی بٹنوں والا طیلسان پہنا کرتے تھے جس پر انسانی چہرے پرنٹ شدہ ہوتے تھے اور حالت احرام میں ہوتے تو بٹن کھلے رکھتے۔

2- **قاسم بن محمد کا ذوق جمال** :- صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے جناب قاسم بن محمد کے گھر ابن عون گئے تو حضرت قاسم گھر کے ایک کونہ میں موجود تھے۔ ابن عون کہتے ہیں کہ میری نظر جناب قاسم کے گھر کی مچھر دانی پر گئی جس پر خیالی پرندے اور دریائی کتوں کی تصویریں پرنٹ شدہ تھیں۔

3- **سکّوں پر تصویریں** :- عبداللہ بن زبیر کے عہد حکومت میں جو سکے رائج تھے مصعب بن زبیر کی تصویر بحیثیت خلیفہ کے نمائندہ سکہ کے ایک طرف نقش تھی جس میں آپ کی گردن میں تلوار حمائل تھی اور آپ کھڑے نظر آتے تھے۔

4- **نبی علیہ السلام نے تصویری انعام دیا** :-

ابن سعد اپنی سند کے ساتھ رقمطراز ہیں کہ نبی علیہ السلام کے چچا جناب عقیل بن ابی طالب نے جنگ موتہ 8ھ میں ایک کافر سے انگوٹھی چھینی جس پر مورتیاں ڈھلی ہوئی تھیں۔ آپ نے یہ انگوٹھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کی۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے محفوظ رکھا اور جنگ کے خاتمہ پر کفار کا دیگر اثاثہ جب تقسیم ہونے لگا تو اس انگوٹھی کو انعام کے طور پر اپنے چچا کو ہی ارزاں فرمایا اور یہ انگوٹھی تھی جسے زندگی بھر حضرت عقیل پہنتے رہے اور کبھی نہیں اتاری۔

❁ (روایت کے ایک راوی) جناب قیس بن ربیع اسدی (متوفی 166ھ) کہتے ہیں کہ میں ان خوش قسمت انسانوں میں سے ہوں جنہیں بعد میں اس نبوی انگشتری کو دیکھنے کا شرف نصیب ہوا۔

5- **ابن عباس کی مورتیوں والی انگیٹھی** :-

امام احمد بن حنبل روایت کرتے ہیں کہ جناب مسور بن مخرمہ حضرت عبداللہ بن عباس کی بیمار پرسی کے لئے جب ان کے ہاں پہنچے تو دیکھا کہ آپ ریشمی چادر اوڑھے ہوئے مورتیوں والی انگیٹھی پر آگ تاپ رہے تھے۔ مسور نے کہا کہ یا ابن عباس یہ کیا ہے؟ آپ نے جواباً فرمایا کہ جہاں تک ان اشیاء کے استعمال کا تعلق ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جن وجوہ کے پیش نظر منع فرمایا تھا ان میں بنیادی وجوہ تکبر، غرور میں مبتلا ہونا بھی تھا اور اللہ کا شکر ہے ابن عباس ان رذیل خصلتوں سے پاک رہا ہے۔

6- کاتب الوحی کی تصویر :- کاتب الوحی حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب اسلامی دینار ڈھالے تو ان کے ایک رخ پر کھڑی حالت میں اپنی مورتی ڈھلوائی- اس میں آپ تلوار حمائل کئے ہوئے تھے-

ان روشن دلائل' کھلے انکشافات اور عملی تحقیق کے بعد اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر قسم کی تصاویر سے منع فرمایا تھا تو پرلے درجے کا ہٹ دھرم ہی ہو گا اور ہٹ دھرم بھی ایسے بے غیرت ہٹ دھرم کہ تصویر کو حرام قرار دیتے ہیں لیکن اپنی تصویریں اخبارات' رسائل اور پوسٹروں میں چھپوانے میں کوئی عار نہیں سمجھتے- ان کی مثال ان عیسائی راہبوں جیسی ہے جنہوں نے مسلکِ رہبانیت خود ہی ایجاد کر لیا- خدا نے ان پر فرض نہیں کیا تھا اور پھر اسے نباہ بھی نہ سکے- (قرآن 57:27) غیر فطری عمل پر نباہ کیسے ہو سکتا ہے-

(مزید تفصیلات کیلئے علامہ رحمت اللہ طارق کی کتاب منسوخ القرآن دیکھی جا سکتی ہے- ملنے کا پتہ ادبیات اسلامیہ پاک گیٹ' ملتان)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کراچی صدر اور حیدر آباد (قاسم آباد) سندھ میں

سلسلہ وار درس قرآن کریم کا اہتمام (بذریعہ ویڈیو کیسٹ) مندرجہ ذیل مقامات پر کیا گیا ہے-

شہر و مقام		دن	وقت
کراچی صدر	فاروق ہوٹل ہال- زیب النساء سٹریٹ بالمقابل فٹ رائٹ شوز شاپ-	جمعۃ المبارک	10 بجے صبح
حیدر آباد	12-B حیدر آباد ٹاؤن فیز 2 بالمقابل نسیم نگر قاسم آباد	جمعۃ المبارک بعد نماز عصر	

دعوت عام ہے تشریف لائیں

قرآنی لٹریچر- جملہ مطبوعات طلوع اسلام ٹرسٹ' مجلّہ طلوع اسلام کے تازہ شمارے درس کے دوران 35% رعایت کے ساتھ حاصل کئے جا سکتے ہیں-

رابطہ :

ایاز حسین انصاری نمائندہ بزم طلوع اسلام کراچی صدر' بزم طلوع اسلام قاسم آباد حیدر آباد (سندھ)
ٹیلی فون : کراچی 4571919 حیدر آباد 654906

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مزمل حسین بخاری- ناروے

یہ تبلیغی جماعتیں!

اسلام کے خلاف ایک سازش؟

70/71 کی دہائی میں پاکستانیوں کی بہت بڑی تعداد حصول روز گار کی خاطر جرمنی میں مقیم تھی- ہر کوئی برطانیہ جانا چاہتا تھا لیکن انگریز بہادر نے اپنی سرحدوں پر کڑی پابندیاں لگا رکھی تھیں- ویزا ہاتھ میں لئے ایک صاحب اچانک نمودار ہوئے- پوچھا! یہ ویزا کیسے مل گیا- کہنے لگے No Problem- میں قادیانی ہوں- ہمارا امام ہمیں ایک تعارفی رقعہ دے دیتا ہے- لندن ایئر پورٹ پر موجود حکام یہ رقعہ دیکھ کر ہمیں انٹری ویزا دے دیتے ہیں- پچھلے دنوں ناروے ہی میں ایک صاحب سے ملاقات ہوئی- پوچھا بھائی! ناروے کا ویزا کیسے حاصل کیا- کہنے لگے کوئی مشکل نہیں- میرا تعلق تبلیغی جماعت سے ہے اور ہم دنیا کے ہر ملک کا ویزا حاصل کر سکتے ہیں- اگلے دن اسی طرح ایک پیر صاحب سے ملاقات ہوئی- دوران گفتگو فرمانے لگے- ہماری گدی کی عظمت کا یہ عالم تھا کہ انگریز مجسٹریٹ بذات خود رسم دستار بندی میں شرکت کیا کرتے تھے-

سوچتا ہوں- آپ بھی سوچئے- کہ جہاں کوئی دوسرا مسلمان پر نہیں مار سکتا وہاں قادیانیوں- پیروں اور تبلیغی جماعت والوں پر اہل یورپ کی یہ نظر کرم کیوں؟

تاریخ کا تھوڑا سا مطالعہ کریں تو بات سمجھ میں آجاتی ہے- کل ہی کی بات ہے مسلمانوں کی ایک چھوٹی سی جماعت قرآن ہاتھ میں لئے صحرائے عرب کی چھوٹی سی بستی سے اٹھی اور دیکھتے ہی دیکھتے بحر و بر پر چھا گئی- یہ بات سمجھنی اہل یورپ کے لئے کچھ بھی مشکل نہ تھی کہ یہ اعجاز عربوں کا نہیں یہ فیض اس کتاب کا ہے- اس نظام کا ہے جو اس کتاب نے عطا کیا ہے- اس ایمان کا ہے جو اس کتاب نے پختہ کیا ہے- اس جذبہ جہاد کا ہے جو اس کتاب نے مسلمانوں میں ابھارا ہے- یہاں تک پہنچے تو انہیں ایران کے شکست خوردہ گورنر ہرمزان کا یہ قول یاد آیا کہ جب تک مسلمانوں کے ساتھ ان کا قرآن ہے دنیا کی کوئی قوم انہیں شکست نہیں دے سکتی- قرآن پر ہاتھ ڈالنا اقوام یورپ کے بس میں نہ تھا کہ اس کی حفاظت کا ذمہ خدا نے لے رکھا ہے- ایک راہ البتہ ان کے لئے کھلی تھی وہ یہ کہ قرآن کو کسی طرح مسلمان کی نگاہوں سے اوجھل کر دیا جائے- پروگرام یہ بنایا گیا کہ-

مست رکھو ذکر و فکر صبحگاہی میں اسے
پختہ تر کر دو مزاج خانقاہی میں اسے

چنانچہ اس کے لئے مسلمان علماء خریدے گئے- خود عیسائی علما' مسلمانوں کا مروپ دھار کر ان کی صفوں میں شامل ہو گئے- اور تبلیغ دین کے نام پر احادیث

اور روایات کے غیر محکم دروازوں سے یہ لوگ ملّتِ اسلامیہ میں داخل ہو گئے۔ نظامِ خانقاہیت کو اتنا ابھارا کہ انگریز مجسٹریٹ ان کی دستار بندیوں میں شامل ہونے لگے۔

جرأتیں اتنی بڑھیں کہ منصبِ نبوّت پر ڈاکہ ڈالنے سے بھی دریغ نہ کیا گیا۔ قادیانیوں پر نوازشات اور نام نہاد تبلیغی جماعتوں پر عنایات کی بارش ہونے لگی۔ نتیجہ صاف ظاہر ہے کہ ؎

حقیقت خرافات میں کھو گئی
یہ اُمّت روایات میں کھو گئی

قادیانیوں کے متعلق تو مسلمانانِ عالم کو اب کوئی غلط فہمی نہیں رہی کہ وہ جو کچھ بھی ہیں بہرحال مسلمان نہیں ہیں لیکن ان لوگوں کی نقاب کشائی بہرحال ضروری ہے جو اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اہلِ مغرب سے ویزے حاصل کر رہے ہیں۔

کاندھے پر بستر اٹھائے یہ لوگ قریہ قریہ، بستی بستی، روایات کی آڑ میں ایسے نظریات کا پرچار کرتے ہیں جن سے مسلمان قرآن سے یکسر کٹ کر رہ گئے ہیں۔ ان کا لٹریچر دیکھئے۔ ان کی تعلیمات پر نگاہ دوڑائے۔ ان کی کورس کی کتابیں پڑھئے۔ حقایات صحابہ کے عنوان سے ان کی ایک کتاب ہے۔ اس کی جلد پنجم دیکھنے کا اتفاق ہو، تو بدنام زمانہ کتاب "رنگیلا رسول" کا مصنف آپ کو ان حضرات سے کم گنہگار نظر آئیگا یہ لوگ آج کل تحفے کے طور پر قرآن پاک کے نسخے بھی بانٹ رہے ہیں۔ جن کے حواشی دیکھ کر یہ نسخے تقسیم کرنے کا مطلب سمجھ میں آجاتا ہے۔ مقصد یہاں بھی عوام کو قرآن کی محکمیت سے دور بھگانا ہے۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ان مبلغین اسلام سے محفوظ رکھے کہ کہیں شعوری طور پر، کہیں غیر شعوری طور پر مسلمانوں کو خالص قرآنی فکر سے دور رکھنا ہی ان لوگوں کا مقصد و مسلک ہے۔

بات اب سمجھ میں آئی کہ ویزے دینے کے لئے اہل یورپ ان لوگوں پر مہربان کیوں ہیں؟ وجہ صاف ظاہر ہے کہ یورپ میں مقیم مسلمان گھرانے جوں جوں قرآن کی طرف رجوع کر رہے ہیں، انہیں فکر ہو رہی ہے کہ ؎

یہ ٹوٹا ہوا تارا مہ کامل نہ بن جائے

اپنے ہاں کے مشنری اداروں کو اس مقصد کے لئے استعمال کرنا انہیں بہت مہنگا پڑتا ہے۔ اس لئے وہ یہ مقصد ان لوگوں کو ویزا (Visa) دیکر پورا کر لیتے ہیں۔

نتیجہ دیکھنا ہو اس رات سے اگلے دن کا اخبار اٹھا کر دیکھ لیجئے جس رات یہ حضرات یورپ کی کسی مسجد میں تبلیغی فریضہ ادا فرماتے ہیں۔ اس محلے کے مسلمان یا تو ایک دوسرے کے پیچھے لٹھ لئے پھر رہے ہوتے ہیں یا مسجدوں کو تالا لگ جاتا ہے۔ اور یہی کچھ تو ہے جو مغربی اقوام چاہتی ہیں۔

The bones of a "dead saint" are of no practical use to humanity — a philosopher.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈاکٹر انجم اقبال فریدی

موت کا اک دن معین ہے؟

اگست 95ء کے طلوع اسلام میں محترم ڈاکٹر عبدالودود کا مضمون بعنوان موت کا اک دن معین ہے؟ نظر سے گذرا۔ موصوف نے سورہ آل عمران کی آیت نمبر 145 کے حوالے اور اپنی گذشتہ زندگی کے چند واقعات کی رو سے' اظہار خیال فرمایا ہے۔ اس سلسلے میں اپنا نقطہ نظر پیش کرنے کا ارادہ تو میں اسے پڑھنے کے دوران ہی کر چکا تھا لیکن اس کی آخری سطر' جس میں ڈاکٹر صاحب نے قارئین طلوع اسلام کو دعوت اظہار دی تھی کو پڑھنے کے بعد' اس مسئلے پر بساط بھر روشنی ڈالنے کا فیصلہ کیا۔

میری ناقص رائے میں جن دو آیات یعنی 3:145 اور 22:65 کا تذکرہ ڈاکٹر صاحب موصوف نے کیا ہے' ان میں لفظ 'اذن' سے مراد قانون ہو یا حکم ہر دو صورتوں میں ان آیات کی تشریح میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔ اس لطیف نقطہ کو سمجھنے کیلئے آیئے پہلے ہم دیکھتے ہیں کہ ان دونوں الفاظ کے لغوی معنی کیا ہیں۔

لفظ قانون یا Law کی تعریف (Definition) آکسفورڈ ڈکشنری کی رو سے درج ذیل ہے:

Rule made by authority for the proper regulation of a community or society or for correct conduct in life.

جبکہ لفظ حکم یا Order کیلئے اس ضمن میں مندرجہ ذیل بیان ہے:

Rules (accepted e.g., in a Parliament) enforced by a president, chairman or other autohority.

